THE
SENATE OF PAKISTAN
DEBATES

OFFICIAL REPORT

Tuesday, the February 7th, 2023
(324th Session)
Volume I, No.11
(Nos.01-14)

Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad

Volume I	SP.I (11)/2023
No.11	15

Contents

1. Recitation from the Holy Quran 1
2. Questions and Answers 3
3. Consideration of Admissibility of Adjournment motion moved by Senator Mohsin Aziz regarding the deteriorating state of economy..... 40
4. Motion under Rule 194(1) moved by Chairman Standing Committee on Cabinet Secretariat on [The Tosha Khana (Management and Regulation) Bill, 2022] 45
5. Motion under Rule 194(1) moved by Chairman Standing Committee on Cabinet Secretariat on [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2022] 46
6. Motion under Rule 194(1) moved by Chairman Standing Committee on Cabinet Secretariat on [The Special Technology Zones Authority (Amendment) Bill, 2022] 46
7. Motion under Rule 194(1) moved by Chairman Standing Committee on Cabinet Secretariat on [The National Disaster Management (Amendment) Bill, 2022] 47
8. Presentation of Report of the Standing Committee on Maritime Affairs on the review of budgetary allocation and its utilization by the Ministry of Maritime Affairs and its attached departments during first six months of financial year 2022-2023 48
9. Presentation of Report of the Standing Committee on Overseas Pakistanis and Human Resource Development on the Industrial Relations (Amendment) Bill, 2022 48
10. Presentation of Report of the Standing Committee on Overseas Pakistanis and Human Resources development on the Emigration (Amendment) Bill, 2022 49
11. Presentation of Report of the Standing Committee on Overseas Pakistanis and Human Resource Development regarding problems being faced by overseas Pakistanis 49
12. Presentation of Report of the Standing Committee on States and Frontier Regions regarding arising problems in the merged District after merger into the province of Khyber Pakhtunkhwa 50
13. Calling Attention Notice by Senator Danesh Kumar regarding the deteriorated condition of N-25 from Karachi to Quetta and Chaman..... 50
14. Calling Attention Notice by Senator Prof. Dr. Mehar Taj Roghani regarding non-availability and increase in prices of medicines, medical devices and vaccines in the country 55
    - Senator Shahadat Awan (Minister of State for Law) 58
15. Point of Public Importance raised by Senator Kamran Michael regarding derogatory remarks by the Minister Interfaith Harmony and Religious Affairs..... 61

16. Point of Public Importance raised by Senator Ahmed Khan regarding the postponement of APC 63
17. Point raised by Senator Bahramand Khan Tangi regarding the recent earthquake in Turkiye and Syria 66
- Senator Faisal Saleem Rehman 67

SENATE OF PAKISTAN
SENATE DEBATES

Tuesday, the February 7, 2023

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at eleven in the morning with Mr. Chairman (Muhammad Sadiq Sanjrani) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

وَ السَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ وَّ اِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَ الْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَیْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَفِرُّوْۤا اِلَى اللّٰهِ ؕ اِنِّیْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۵۰﴾ وَ لَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ؕ اِنِّیْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۵۱﴾ كَذٰلِكَ مَاۤ اَتَى الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿۵۲﴾ اَتَوَاصَوْا بِهٖ ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَاۤ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ ﴿۵۴﴾ وَّ ذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۵۵﴾

ترجمہ: اور آسمان کو ہم نے اپنے دست (قدرت) سے بنایا اور ہم اسے وسیع کرتے جارہے ہیں۔ اور زمین کو ہم نے بچھادیا اور ہم بڑے اچھے بچھانے والے ہیں۔ اور ہر چیز کے ہم نے جوڑے پیدا کر دیئے شاید تم (ان سے) سبق حاصل کرو، پس اللہ کی طرف دوڑ کر آو۔ میں تمہارے لئے اس کی طرف سے واضح طور پر ڈرانے والا ہوں اور اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا الٰہ نہ بناؤ، میں اس کی طرف تمہیں صاف صاف ڈرا رہا ہوں۔ اسی طرح ان (کفار مکہ) سے پہلے جو رسول بھی آیا اسے لوگوں نے یہی کہا کہ وہ جادو گر ہے یا دیوانہ ہے۔ کیا یہ اس بات کی وصیت کرتے چلے آئے ہیں؟ بلکہ یہ ہیں ہی سرکش لوگ،

پس (اے نبی ﷺ!) آپ ان کی پرواہ نہ کیجئے، آپ پر کوئی الزام نہیں اور نصیحت کرتے رہیے کیونکہ نصیحت ایمان لانے والوں کو فائدہ دیتی ہے۔

سورۃ الذّٰریٰت (آیات نمبر ۴۷ تا ۵۵)

جناب چیئرمین: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، اسلام علیکم۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: پہلے مجھے کچھ بولنے دیں، اس کے بعد کھڑے ہو جائیں، تشریف رکھیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین! جناب! تشریف رکھیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، اسلام علیکم سینیٹر بہرہ مند خان تنگی اور باقی معزز اراکین، پہلے سن لیں کہ میں کیا کہنا چاہتا ہوں، اس کے بعد آپ اپنے ارشادات فرمائیں، میری آپ سے دست بستہ گزارش ہے اور امید ہے کہ آپ ان شاء اللہ تعالیٰ آئندہ اس پر عمل فرمائیں گے، بڑی مہربانی، Question Hour.

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ تشریف رکھیں، دو وفاقی وزراء صاحبان بیٹھے ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: پارلیمانی امور کا وزیر کون ہے؟

(مداخلت)

جناب چیئرمین: دو وفاقی وزراء تشریف رکھتے ہیں، آپ بیٹھیں باقی وزراء بھی آجائیں گے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: جی سختی سے notice لیا ہوا ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ کے colleague سینیٹر محمد طلحہ محمود صاحب بیٹھے ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: تشریف رکھیں، Question Hour, حاجی صاحب تشریف رکھیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: وعلیکم السلام، Question Hour please, کل یہ بات ہوچکی ہوئی ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: سینیٹر بہرہ مند خان تنگی صاحب تشریف رکھیں اس کے بعد دے دیں گے۔

Questions and Answers

جناب چیئرمین: Question Hour، معزز سینیٹر مشتاق صاحب۔،

سینیٹر مشتاق احمد: جناب، آپ کا بہت شکریہ۔ میرا سوال نمبر 9 ہے۔

Question No. 9 Senator Mushtaq Ahmed: Will the Minister for Interior be pleased to state whether it is a fact that 243 employees of FIA cyber wing have not been paid their salaries for the last two months, if so, the reasons thereof; indicating also the steps taken by the government for payment of salaries to these employees and the progress made in this regard so far?

Rana Sana Ullah Khan: (a) Service contracts of these 243 employees (Below BPS-16) of NR3C (Phase-III) were extended for the period of two (02) months *w.e.f.* 01-07-2022 to 31-08-2022 *vide* this Office Order No. HQ/FIA/CCW/Admin/2022/11440-50 dated 04-08-2022 (Annex-I) and they have now been paid salaries of the said period of two months.

The services contract of NR3C Phase-III officers/officials was requested because the case for conversion of the PSDP Project (NR3C Phase-III) from

development to non-development was in process which is currently at Establishment Division.

(b) The case for extension of service contracts of 90 officers (BPS-16 to 18) of NR3C (Phase-III), and recommendation for no-extension of Two (02) officers of NR3C (Phase-III) was taken up with the Ministry of Interior *vide* letter dated 03-08-2022 (Annex-II) for the period of two (02) months *w.e.f* 01-07-2022 to 31-08-2022.

Due to queries on non-extension in service contracts of two (02) Deputy Director/Investigation, the case for extension of service contracts of 90 officers (BPS-16 to 18) of NR3C (Phase-III) is pending with the Ministry of Interior. Queries raised by MoI and responses made by this office are attached at Annex-III.

After approval from Ministry of Interior, 90 officers (BPS-16 to 18) of NR3C (Phase-III) will be paid salaries for the period of two (02) months *w.e.f.* 01-07-2022 to 31-08-2022.

(Annexures have been placed in Library and on the table of the mover / concerned Member)

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر مشتاق احمد: میں ایک مرتبہ پھر آپ سے درخواست کروں گا کہ ہمارے دو colleagues ایوان میں تشریف فرما ہیں، دونوں ہمارے ایوان بالا کے ممبران ہیں۔ ہماری 77 رکنی کابینہ کے باقی وزراء کہاں ہیں؟ آپ نے کہا تھا کہ میں وزیر اعظم صاحب کو خط لکھوں گا۔

جناب چیئرمین: سینیٹر مشتاق احمد صاحب میں نے وزیر اعظم صاحب کو خط ارسال کر دیا ہے ، اب منسٹر صاحبان ایوان میں باقاعدگی کے ساتھ تشریف لاتے ہیں اور ان کی حاضری اب بہتر ہو گئی ہے۔

سینیٹر مشتاق احمد: میں کہنا چاہوں گا کہ باوجود اس کے اُن کی تعداد بہت کم ہے۔ منسٹر صاحبان بالکل نہیں آتے۔ سینیٹر شہادت اعوان صاحب ہمارے colleague ہیں، بہت محترم ہیں، سینیٹر طلحہ صاحب بھی ہمارے colleague ہیں، محترم ہیں یہ تو already ایوان میں حاضر ہوتے ہیں۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ کابینہ کے اراکین کی تعداد 77 ہے، باقی وزراء ایوان میں باقاعدگی کے ساتھ کیوں تشریف نہیں لاتے؟ کچھ لوگ تو آئیں، اس ایوان کو عزت اور حیثیت دیں۔ Question Hour, accountability کے لیے ہوتا ہے اور وزراء accountability کے لیے پیش ہی نہیں ہوتے۔ ہم کس کی accountability کریں؟

جناب چیئرمین: میری آپ سے گزارش ہے کہ آپ اپنا سوال پوچھیں۔ سپلیمنٹری سوال کریں۔

سینیٹر مشتاق احمد: میں نے سوال پوچھا تھا کہ FIA Cybercrime Wing کے 243 ملازمین کو گزشتہ دو ماہ کی تنخواہ کی ادائیگی نہیں کی گئی۔ انہوں نے کہا ہاں، ادا نہیں کی گئی البتہ کچھ لوگوں کو اب ادا کر دی گئی ہیں اور کچھ لوگوں کو آج تک ادا ئیگی نہیں ہوئی اور جن ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگی نہیں ہو سکی اُن کا case وزارت داخلہ میں زیر التواء ہے۔ میں پوچھنا چاہوں گا کہ cybercrime wing کیا کر رہا ہے، اس وقت تو سارے کے سارے crimes, cybercrime ہیں اور FIA کی کارکردگی بہت خراب ہے۔ آپ الٹا اُن کے ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگی نہیں کر رہے۔ آپ وضاحت بھی نہیں کر رہے کہ کیوں نہیں دے رہے؟ آج تک بھی کچھ ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگی نہیں کی گئی۔

جناب چیئرمین: آپ ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگیاں کیوں نہیں کر رہے؟ Minister of State for Law, please ایوان کو آگاہ کریں۔ ایسا کیوں ہو رہا ہے؟ شہادت اعوان صاحب، آج تو ماشاء اللہ آپ چمک رہے ہیں۔ کیا suit پہنا ہے، آپ نے۔ ہم کیا کریں، ہمارا colleague سوالوں کے جوابات دینے ایوان میں حاضر ہوتا ہے، ویسے بھی مشتاق صاحب، وزراء پر بہت برستے ہیں۔ میں نے کہا ان کی کچھ حوصلہ افزائی کر دیں۔

سینیٹر شہادت اعوان (وزیر مملکت برائے قانون و انصاف): جناب، آپ کا شکریہ، مہربانی۔ میری گزارش ہے کہ مشتاق صاحب نے جو question کیا تھا، انہوں نے 18 October,

2022 کو کیا تھا، اس دورانیہ میں تین سے چار ماہ کا عرصہ گزر چکا ہے۔ انہوں نے بہت اچھی بات کی، آج صورت حال کچھ یوں ہے کہ انہیں 1-07-2022 سے لے کر 31-08-2022 تک کی تنخواہوں کی مد میں ادائیگی کر دی گئیں ہیں۔ میں ایوان کو آگاہ کر وں کہ یہ لوگ contractual employees تھے۔ انہیں regularize کرنے کے لیے باقاعدہ correspondence کی گئی اور اب development سے non-development کے head میں انہیں ڈال دیا گیا ہے، تمام process complete ہو چکا ہے اور آئندہ AGPR انہیں باقاعدگی کے ساتھ تنخواہیں جاری کرتا رہے گا۔

جناب چیئرمین: اب تمام ملازمین regularised ہو چکے ہیں۔ چلیں مشتاق صاحب بہت اچھی بات ہے۔

سینیٹر شہادت اعوان: ہم نے سینیٹر مشتاق صاحب کے point out کرنے کی وجہ سے ان ملازمین کا case expedite کیا اور پھر تمام ملازمین کو regularised کر دیا گیا ہے، اب Accountant General of Pakistan انہیں باقاعدہ تنخواہوں کی ادائیگیاں کرتا رہے گا۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر بہرہ مند خان تنگی صاحب تمام ملازمین regularised ہو چکے ہیں۔ آپ سپلیمنٹری سوال پوچھنا چاہتے ہیں۔ اچھا ٹھیک ہے، آپ بعد میں بٹن کو دبائیں، ابھی supplementary question پر بات ہو رہی ہے۔ سینیٹر ثانیہ نشتر صاحبہ، آپ کا اسی سوال پر کوئی supplementary ہے؟ تمام ملازمین کو regular کر دیا گیا ہے۔

سینیٹر ثانیہ نشتر: نہیں چیئرمین صاحب، میں point of public importance پر بات کرنا چاہتی ہوں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے، آپ تشریف رکھیں۔ Point of Public Importance پر بعد میں بات کریں گے۔ میں پہلے ایوان کو آگاہ کر دوں، میرے ایک guest ایوان میں تشریف لائے ہیں۔

We have a very special guest with us in the Senate today; it's my privilege to welcome His Excellency Mr. Duarte Pacheco, Member of the Parliament of Portugal and

President of Inter Parliamentary Union and a very dear and sincere friend of Pakistan. Welcome Excellency to the House. Excellency visited Pakistan after devastating floods in 2022 to express solidarity with us. Now he is here to attend the International Conference of the International Parliamentarians Congress and he will also visit Peshawar to offer condolences and express complete solidarity with Pakistan and its peoples. Again thank you Excellency and welcome to the House.

(At this stage Members of the Senate paid a warm welcome to Excellency)

جناب چیئرمین: سینیٹر سیمی ایزدی صاحبہ ایوان میں موجود ہیں؟ ٹھیک ہے، جی سینیٹر مشتاق احمد صاحب۔

سینیٹر مشتاق احمد: جی چیئرمین صاحب۔ میرا سوال نمبر 51 ہے۔

Question No. 51 Senator Mushtaq Ahmed: Will the Minister for Railways be pleased to state the steps being taken by the Government for making Railways a profitable public sector organization indicating details of profit and loss during current fiscal year?

Khawaja Saad Rafique: Pakistan Railways (PR) has been serving the nation since independence. There has been decades of neglect when it comes to investment in railway infrastructure and rolling stock. This neglect has adversely impacted on financial need of Pakistan Railways. First half of current financial year 2022-23 brought more bad news for PR as the unprecedented floods due to Climate Change played havoc with the already dilapidated infrastructure. It not only resulted in revenue loss for PR as train operation remained suspended for more than 35 days, it also put further

burden on PR in terms of restoration of Railway traffic from its own meagre resources. This has adversely affected entire financial system of PR and in turn affected the employees and pensioners of PR due to delayed salaries and pensions.

Pakistan Railways earned Revenue of Rs. 28.263 Billion from 01-07-2022 to 31-12-2022 from its operation despite flood. The expenditure in same period was Rs. 52.990 Billion. Out of the total expenditure, 35% is related to pension and 33% to salaries. In the same period, July-December, 2022 P.R received a subsidy of Rs. 21.750 Billion as Grant in Aid from Federal Government. The net deficit for the period July-December was Rs. 2.977 Billion.

Pakistan Railways is trying its level best to turn itself into a profitable organization despite financial constraints. It has developed a two pronged action plan.

(i) Concentration on core activities.

(ii) Emphasis on revenue generation through non-core activities.

Concentration on core activities.

(i) Pakistan Railways has prepared a business plan in Jan 2023 to increase its revenue and reduce expenditure through improve governance. The plan is being implemented in letter and spirit. . Recent initiatives towards digitization in form of (ERP) Enterprise Resource Planning and (RABTA) Railway Automated Booking and Travel Assistance also aim to increase efficient and reduced the revenue expenditure gap.

Pakistan Railways has restarted its premium train service Green Line from 27-1-2023. This train consists of

new Chinese coaches imported recently. It is equipped with infotainment services like LEDs, wi-fi and public address systems. High quality meals are being provided on complimentary basis to the passengers. PR intends to upgrade facilities on all its trains.

Pakistan Railways is importing 230 passenger coaches from China. Out of these 46 coaches have arrived from China while rest of the coaches will be assembled in Pakistan through Transfer of Technology. These coaches have the latest facilities and are designed to run at the speed of 160 kms.

Pakistan Railways has also imported 70 new High capacity Wagons to enhance the freight capacity these have reached Pakistan. The rest 750 wagons will be assembled in Pakistani Factories under Transfer of Technology agreement with China.

(ii) Emphasis on revenue generation through non-core activities:

Pakistan Railways recently presented a business plan in the Supreme Court of Pakistan and successfully pleaded before the Court to allow PR to utilize its land for generation of economic activities and thereby ensuring revenue for itself. A land business plan has been developed so that he revenue / expenditure gap can be minimized by leasing / licensing of Railway land. It will also help in decreasing reliance on public fund *i.e.* annual budget can be minimized through land leasing / licensing of Pakistan Railway lands.

There are some other avenues that are also being explored to improve the revenue potential of the department. These include the Business potential

through laying of Optical Fiber Cable along the railway tracks and branding of Trains and Stations.

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر مشتاق احمد: میں نے ریلوے کے حوالے سے سوال اٹھایا تھا کہ اس کو منافع بخش محکمہ بنانے کے لیے حکومت کیا اقدامات اٹھا رہی ہے؟ مالی سال میں ریلوے میں منافع اور نقصانات کی تفصیلات کیا ہیں؟ مجھے بتایا گیا کہ ریلوے مستقل خسارے میں ہے اور سیلاب نے اس کو مزید خسارے میں دکھیل دیا ہے۔ علاوہ ازیں مجھے بتایا گیا ہے کہ وفاقی حکومت نے اس سال 21 ارب روپے سے زائد قومی خزانے سے ریلوے کو grant in aid جاری کی ہے۔ میرا سوال کچھ اس طرح ہے کہ ہم ان بڑے محکموں کو، پی آئی اے، steel mills اور Railways کو غریب لوگوں کے taxes سے پال رہے ہیں، ایسا اور کہیں نہیں ہو رہا یہ ان کی mismanagement ہے، کرپشن ہے۔ میں حکومت سے پوچھنا چاہوں گا کہ حکومت کے پاس کون سا business plan ہے؟ انہوں نے لکھا ہے کہ محکمہ ہذا کی آمدنی کو بڑھانے کے لیے امکانات کو تلاش کیے جا رہے ہیں۔ یعنی ابھی امکانات کی تلاش جاری ہے اور امکانات تلاش نہیں ہوئے ہیں تو یہ کب ہوں گے؟ ریلوے کے ملک میں ہونے والے حادثات اور اُس کے نتیجے میں اموات ہوتی ہیں، خسارے ہیں اور دیگر poor management ہے وہ ان میں کب اور کیسے اصلاحات کرے گی؟ حکومت کیوں کسی اچھے اور انقلابی business plan کے تحت اس میں بہتری کے لیے کام نہیں کرنا چاہتی؟ پوری دُنیا کے اندر railways business کرتی ہے اور کمائی کا ایک بہترین ذریعہ ہے، ہمارے ملک میں ایسا کیوں نہیں ہے، ہم ریلوے کو اپنے taxes میں سے grants دیتے ہیں، ایسا کیوں ہے؟

Mr. Chairman: Minister of State for Law, please.

سینیٹر شہادت اعوان: جناب، سینیٹر مشتاق احمد صاحب نے سوال تو کیا ہے؟ بہت اچھا ہوتا اگر سینیٹر مشتاق احمد صاحب اپنے سوال میں کوئی بہتر تجویز بھی دے دیتے۔ میری اس ایوان کے باقی سب دوستوں سے گزارش ہو گی کہ ہم اس ملک کے باشندے ہیں، گورنمنٹ کوئی بھی ہو، کسی کی بھی ہو، اگر ہم انہیں guidelines دیتے ہیں، ہم لوگوں کا ذہن بنانے والے لوگ ہیں۔ خالی تنقید کرنے سے چیزیں بہتر نہیں ہوں گی۔ مشتاق صاحب سے میں گزارش کرتا ہوں کہ آپ نے خالی اس مالی سال کے بارے میں پوچھا تو ہم نے اس مالی سال کے بارے میں آپ کو آگاہ کیا کہ اس میں deficit

ہے تقریباً 2.977 billion ایسا کیوں ہے؟ ہم نے آپ کو بتایا ہے کہ 35 دن تک اس ملک میں شدید سیلاب کی وجہ سے ریلوے کا کاروبار ہو نہیں سکا۔ لیکن میں اگر آپ کو پچھلے سالوں کے بارے میں آگاہ کروں تو 18-2017 میں اور میں یہاں آپ کو grant in aid کے بارے میں بھی بتاتا چلوں 18-2017 میں صورت حال کچھ یوں تھی کہ ریلوے کی 2459.284 million کی آمدن ہوئی تھی، اس کے بعد 19-2018 میں 5027.145 million کی آمدن تھی اور اس کے بعد 2020-2019 کے مالی سال میں 4377.017 million کا deficit تھا۔ میں دوبارہ دہراؤں گا اس کے بعد 2022-2021 قدرے بہتر position دیکھنے میں آئی کہ 504 million income رہی اور پھر 21-2020 میں اس میں کمی دیکھنے میں آئی اور کم ہو کر اس میں خسارہ دیکھنے میں آیا اور 10222.158 million کا خسارہ دیکھنے میں آیا۔

جناب! آج ہم سیلاب کے باوجود ہم 2.977 billion پر deficit لے آئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہم بتدریج ہمارے Railways کے Minister نے بہت اچھا کام کیا ہے اور practically ہر جگہ پہنچ کر کام کر رہے ہیں۔ ہمارے ملک میں اس وقت 88 trains چل رہی ہیں۔ ہم ریل کے کچھ ڈبے ملک میں تیار کر رہے ہیں، اس مد میں بہت کام کیا جا رہا ہے اور باقی بھی ڈبے ہم نے بیرون ملک سے منگوائے ہیں۔ جس دن ہمارے ملک میں ML-2 شروع ہو جائے گا تو اُس دن پاکستان میں ریلوے کا سفر بہترین ہو جائے گا، آج ریلوے 120 فی گھنٹہ کی رفتار سے چلتی ہے، ان شاء اللہ ریل بہت جلد 160 فی گھنٹہ کی رفتار سے چلی گی۔ جناب میرا کہنا یہ ہے کہ آپ کا سوال بہت اچھا ہے لیکن میری اپنے تمام دوستوں سے گزارش ہو گی کہ بہتر ہو گا کہ اگر آپ اچھی تجاویز کے ساتھ ایوان میں اپنی بات کریں تاکہ ہم ان میں بہتری لا سکیں۔ میں مزید کہوں گا کہ تمام ممبران ریلوے کی کمیٹی میں بھی شرکت کیا کریں، میں بھی کمیٹی کا ممبر ہوں اور میں باقاعدگی کے ساتھ شرکت کرتا ہوں۔ آپ کمیٹی میں شرکت کیا کریں اور ہماری معاونت کیا کریں۔ حکومتی وزراء، سعد رفیق صاحب اس ایوان میں کہہ کر گئے ہیں کہ میرا دفتر ہر وقت لوگوں کے مسائل حل کرنے کے لیے کھلا ہوا ہے، کسی بھی وقت آ کر مجھے کوئی suggestion دیں، یہ ہمارے اور آپ کے محکمے ہیں، ہم جیسے لوگ ان ٹرینوں میں سفر کرتے ہیں، ان شاء اللہ تعالیٰ بہت بہتر ہو گا۔ میرے خیال میں

مشتاق صاحب کے پاس تو وقت نہیں ہے، اگر انہوں نے ریلوے کا سفر کیا ہو گا تو وہاں پر آپ دیکھیں گے کہ wifi کی سروس شروع ہو گئی ہے، ٹیلی وژن شروع ہو گیا ہے، وہاں کا کھانا آپ دیکھ لیں، لہٰذا بندہ کہے گا کہ میں ٹرین میں ہی 24 گھنٹے سفر کرتا رہوں۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ آپ اتنی تعریفیں نہ کریں کہ پورا سینیٹ ٹرین پر سفر کرنا نہ شروع کر دے۔ سینیٹر تاج حیدر صاحب، ضمنی سوال۔

سینیٹر تاج حیدر: جناب چیئرمین! آپ گواہ ہیں کہ میں اپنی نشست سے کھڑا ہی نہیں ہوتا ہوں جب تک کہ کوئی تجویز نہ ہو لیکن افسوس یہ ہے کہ کسی ایک تجویز پر بھی غور نہیں کیا جاتا ہے۔ اس وقت میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ کوئی 87 سال پہلے خانیوال اور لاہور کے درمیان electric train چلائی گئی تھی۔ آج جب renewable energy اتنی سستی ہو گئی ہے اور electric locomotive کی قیمت بھی ایک تہائی ہے اور یہ locomotive مغل پورہ میں بنائے جا سکتے ہیں، کیا ریلوے کے پاس آج ریلوے کو electrify کر کے revenue کمانے اور خرچہ کم کرنے کی کوئی تجویز یا منصوبہ ہے یا نہیں ہے؟

جناب چیئرمین: معزز وزیر مملکت برائے قانون۔

سینیٹر شہادت اعوان: جناب چیئرمین! گزارش ہے کہ انرجی کی جو position پاکستان میں یا دنیا میں چل رہی ہے تو خالی ریلوے ہی نہیں بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ conveyance کے جتنے بھی ذرائع ہیں ان سب کو electrify کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے اور ان شاء اللہ تعالیٰ ہمارے ٹوٹل trains آگے چل کر جیسا کہ میں نے پہلے گزارش کی کہ ہمارا پٹری کا منصوبہ جب مکمل ہو گا تو ہم اسی طرف آئیں گے کیونکہ fuel پر تو یہ feasible نہیں ہو پائے گا کہ ہم اس سسٹم کو چلائیں۔ اس کے علاوہ بھی جہاں پر انرجی سسٹم ہو گا اسے ہم بجلی پر لے جائیں گے۔

جناب چیئرمین: یعنی پروگرام ہے۔

سینیٹر شہادت اعوان: جی ہے۔

جناب چیئرمین: سینیٹر دنیش کمار صاحب، ضمنی سوال۔

سینیٹر دنیش کمار: بہت شکریہ، ہمارے ساتھی شہادت اعوان صاحب نے اتنا زبردست جواب دیا ہے، میں انہیں appreciate کرتا ہوں۔ شہادت صاحب کی توجہ میں اس طرف مبذول

کروانا چاہتا ہوں کہ اس کتاب میں جو جواب دیا گیا ہے وہ سراسر غلط ہے، میں آپ کو نشان دہی کروا رہا ہوں اور یہ سینیٹ کے ایوان کے ساتھ ایک مذاق ہے۔ یہ حقیقت ہے اور ان افسران کے خلاف کارروائی کی جائے۔ یہاں پر لکھا ہوا ہے کہ یکم جولائی سے 31 دسمبر تک ریلوے نے 28 ارب روپے کے لگ بھگ کمایا ہے اور اخراجات 52 ارب روپے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ خسارہ صرف تین ارب روپے ہوا ہے۔ ابھی میں نے calculation کی ہے تو یہ 23 ارب روپے کا خسارہ ہے۔ اس 23 ارب کے خسارے کو آپ کیوں چھپا رہے ہیں، کیا اس لیے چھپا رہے ہیں کہ حکومت نے یہ خسارہ پورا کیا ہے تو کیا وہ خسارہ نہیں تھا؟ میرا یہ کہنا ہے کہ آپ سیدھے سے کہیں کہ ریلوے کو 23 ارب روپے کا چھ ماہ میں نقصان ہوا ہے۔

دوسری بات یہ جیسا کہ آپ نے کہا کہ 160 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ٹرینیں چلیں گی۔ میری تجویز یہ ہے کہ آپ پہلے اس track کو تو اس قابل بنائیں کہ ٹرین 160 کی رفتار سے اس پر چل سکے، ایسا نہ ہو کہ ہم حادثات پر حادثات کا ہی سنتے رہیں۔ یہ میری تجویز بھی ہے. براہ مہربانی ان دونوں پر مجھے reply دیں۔

جناب چیئرمین: تجویز نوٹ کر لیں اور دوسرا جواب دے دیں۔

سینیٹر شہادت اعوان: جناب چیئرمین! میں یہ explanation ضرور دینا چاہوں گا کہ میں نے جیسا کہ مشتاق صاحب کو جواب دیا اب دنیش صاحب کو بھی میں بتا دیتا ہوں کہ پاکستان میں ریلوے ایک واحد ادارہ ہے جس میں پنشن ریلوے خود دیتا ہے، باقی کسی بھی محکمے سے اگر کوئی آدمی پنشن پر جاتا ہے تو اس کے لیے وفاقی حکومت اس کی پنشن دیتی ہے۔ دنیش بھائی جو بات بھی بتائیں گے اسے میں لکھ لوں گا۔ ہم نے یہ لکھا ہے کہ پنشن کی مد میں 35% ہے اور اب میں آپ کو یہ بتا دیتا ہوں کہ 2017 grant in aid میں 38.398 millions حکومت نے دی۔ 2018-19 میں 37 millions اور 2019-20 میں ,45 پھر 2020-21 میں 47 اور پھر .59 دنیش صاحب میرا کہنا یہ ہے کہ بہت اچھی بات ہے کہ آپ بہت محب وطن ہیں، آپ صحیح کہہ رہے ہیں کہ grant in aid بھی ایک خسارہ ہے۔ چونکہ آپ کا تعلق business community سے ہے اور آپ کا حساب کتاب بھی بہت بہتر ہے لیکن میرا کہنا یہ ہے کہ اس حکومت نے یہ grant in aid لینی شروع نہیں کی ہے، یہ تو 1958 سے چلتی آ رہی ہے۔ اگر آپ

کے حساب سے اسے خسارہ گنا جائے تو جن لوگوں کو ہم پنشن دے رہے ہیں وہ خسارہ ہے لیکن ہمارے حساب سے وہ پنشن حکومت دے رہی ہے35% جو grant in aid آ رہی ہے، میں نے آپ سے گزارش کی کہ ریلوے کی پنشن ریلوے ہی دیتی ہے تو حکومت بجائے وہاں سے دینے کے یہاں سے وہ پیسے آ جاتے ہیں تو اسے خسارے کی مد میں شمار نہ کریں۔

جناب چیئرمین: سینیٹر زرقا سہروردی تیمور صاحبہ، ضمنی سوال۔

سینیٹر زرقا سہروردی تیمور: شکریہ جناب چیئرمین! ہم سب کو پتا ہے کہ ریلوے کو کیسے خسارے سے باہر نکالنا ہے اگر آپ ریلوے کے freight کو ہی active کر دیں۔ جس کے بارے میں ہم جانتے ہیں کہ پچھلی کئی دہائیوں سے road transporters ہیں جو مختلف قسم کی کرپشن کر کے ریلوے کو چلنے نہیں دیتے اور ہم سب یہ بھی جانتے ہیں کہ اگر آپ railway سے freight بھیجیں تو سڑک کی نسبتاً آدھا خرچہ آتا ہے۔ اس پر آپ کیوں کچھ نہیں کر رہے ہیں۔

دوسرا یہ کہ ML-I کی کیا update ہے کیونکہ اس وقت پاکستان کی ضرورت ہے کہ ہمارا Central Asian ممالک کے ساتھ freight ہو۔ گوادر میں رونق بڑھے اور ملک میں خوشحالی آئے۔ ML-I کے حوالے سے تو کوئی پیش رفت ہی نہیں ہے۔ براہ مہربانی ان دو points کے بارے میں بتائیں۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: وزیر مملکت برائے انصاف۔

سینیٹر شہادت اعوان: جناب یہ تجویز بھی بہت اچھی ہے اور جذبہ بھی بہت اچھا ہے۔ ڈاکٹر صاحبہ، ML-I CPEC کا منصوبہ تھا اور بدقسمتی سے سابقہ دور میں یہ منصوبہ تھوڑا slow ہو گیا تھا۔ باقی اس سے متعلق اگر آپ ایک specific question ڈال دیں تو ہم آپ کو تفصیلی جواب دے دیں گے۔ چونکہ یہ ہماری ضرورت ہے، وقت کے ساتھ ساتھ اسے مکمل ہونا چاہیے، آپ کی تجویز بہت اچھی ہے کہ اگر ریلوے صحیح طریقے سے چلتی رہے گی۔۔۔

جناب چیئرمین: آپ cargo train چلائیں۔

سینیٹر شہادت اعوان: بالکل جناب۔ اس وقت بھی ہمارے پاس 68 cargo trains چل رہی ہیں۔

جناب چیئرمین: سینیٹر زرقا سہروردی تیمور صاحبہ یہ already committee میں زیر بحث ہے، پہلے آپ نہیں تھیں، ML-I بھی اور یہ بھی discuss ہوا تھا۔ جی معزز سینیٹر مشتاق احمد صاحب۔

Question No. 52 Senator Mushtaq Ahmed: Will the Minister for Information and Broadcasting be pleased to state whether it is a fact that different channels of Pakistan are broadcasting the advertisements of International gambling companies, if so, the steps being taken by the Government to prevent such advertisements in future?

Ms. Marriyum Aurangzeb: It is apprised that transmission of PEMRA licensees has been reviewed and no such advertisement is found nor any complaint on such advertisement is received.

Moreover, as per Clause-14(6) of Electronic Media (Programmes and Advertisements) Code of Conduct, 2015, "advertisements of lotteries, gambling or betting as prohibited under Pakistan Penal Code (Act XLV of 1860) or any other law for the time being in force shall not be aired". (Annex-A).

ELECTRONIC MEDIA
CODE OF CONDUCT
2015

PEMRA

GOVERNMENT OF PAKISTAN
Ministry Of Information
Broadcasting And National Heritage
Islamabad

(3) If an abuse takes place that contains language or gesture that is considered apology worthy by the licensee and its representative, the representative must ask the guest to apologize immediately after the offense has taken place.

14. Advertisements:– It would be responsibility of the Licensee that :-

(1) Advertisements shall be in conformity with the laws for the time being in force.

(2) Advertisements intended for children shall not directly ask the children to buy the product.

(3) Advertisements shall not promote obscenity, violence or other activities harmful to human health or property.

(4) Advertisements of any alcoholic beverages, tobacco products, illegal drugs or narcotics shall not be aired.

(5) Any health related advertisement shall not be aired without prior permission of the Federal Government or Provincial Government, as the case may be, as required under the relevant applicable laws and the advertisement so aired after obtaining necessary permission shall strictly comply with the terms and conditions of the permission.

(6) Advertisements of lotteries, gambling or betting as prohibited under Pakistan Penal Code (Act XLV of 1860) or any other law for the time being in force shall not be aired.

(7) A licensee shall not advertise or promote black magic, quackery or superstition.

(8) Exploitation of religious or nationalistic sentiments and use of religious or national symbols and anthem purely for the purposes of promotion of a product or any quality in such product shall be prohibited.

(9) Advertisements shall be readily recognizable as such and kept separate from programmes.

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر مشتاق احمد: جناب چیئرمین! میں نے جوئے کی عالمی کمپنیوں کی اشتہار بازی کے حوالے سے سوال پوچھا تھا اس کا مجھے جو جواب دیا گیا ہے اس میں نفی یا ایسی کوئی چیز نہیں ہے۔ میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ TV اپنے اقدار، ثقافت اور culture کے تحفظ کا بہت بڑا ذریعہ ہے۔ ہمارے ہاں ایک زمانے میں جو لوکل اور صوبائی ڈرامے نشر ہوتے تھے وہ اتنے زبردست ہوتے تھے جس میں ہماری culture کی نمائندگی ہوتی تھی۔ کیا PEMRA اور حکومت کا ایسا کوئی plan ہے کہ TV channels کے ذریعے سے اپنے چاروں صوبوں کا جو خوب صورت culture اور ثقافت ہے اسے محفوظ کیا جاسکے۔ وہ ایسے ڈرامے ہوتے تھے کہ گلیاں سنسان ہو جاتی تھیں مگر اس وقت تو یہ culture invasion کے طور پر استعمال ہو رہا ہے تو پاکستان کے چاروں صوبوں کا جو خوب

صورت culture ہے اسے محفوظ بنانے کے لیے اور اس culture invasion سے بچانے کے لیے حکومت کا کوئی plan ہے۔

جناب چیئرمین: معزز وزیر مملکت برائے انصاف۔

سینیٹر شہادت اعوان: بہت اچھی بات ہے، آج کل شاید مشتاق صاحب کو وقت نہیں ملتا ہے، private channels تو اتنے شروع ہو چکے ہیں کہ میرے بچے تو Hum TV channel سے کوئی اور channel بدلی بھی نہیں کرتے ہیں، یا انگلش یا ہم ٹی۔وی۔ Private channels نے entertainment کا الگ شروع کر دیا ہے، sports channel الگ کر لیا ہے۔ مشتاق صاحب بالکل بجا فرما رہے ہیں لیکن ہمارا نیشنل ٹیلی وژن PTV ہے، اس زمانے میں صرف ایک ہی چینل ہوتا تھا، آپ نے راہی، رنگیلے کے پرانے ڈرامے جو کہ بہت اچھے تھے لیکن آج کل کے بچوں کا سسٹم اور ہے۔ اس وقت 68 channels ہیں۔ Sports کا channel الگ ملے گا ہے، entertainment کا channel الگ ملے گا، آپ کو International news چاہیے تو اس کا channel الگ ملے گا۔ آپ کی اچھی تجویز ہے، علاقائی میں KTN channel صرف سندھی programmes دکھاتا ہے، پشتو کے channel الگ ہیں، بلوچی دنیش صاحب بتائیں گے، television ہے وہ بھی شروع ہو گیا ہے، بلوچی channel بھی ہے۔ مشتاق صاحب الحمدللہ public نے یہ system start کیا ہے اور اب تو news بھی علاقائی زبان میں چل رہی ہیں۔ آپ کی تجویز ان کو بتائیں گے کہ ایک ایک ڈرامہ بھی علاقائی زبانوں میں بنائیں تاکہ یہ کمی پوری ہو جائے۔

Mr. Chairman: Honourable Senator Faisal Javed supplementary please.

سینیٹر فیصل جاوید: جناب! یہ جو وزیر ہیں ان کا پتا نہیں ہے Information Minister یہ غائب ہیں۔ صحافیوں کے اتنے زیادہ issues ہیں لیکن ان کا کوئی پرسان حال نہیں ہے۔ یہاں پر ads کی بات ہو رہی ہے ذاتی تشہیر پر پہلے بھی انہوں نے پیسے لگائے اور public, tax payer کا پیسا ہے۔ اشتہارات کی انہوں نے بات کی ہمیں یہ detail دے دیں اس پر انہوں نے detail نہیں دی۔ اس وقت جو government ads دے رہی ہے ان کی distribution کس لحاظ سے ہو رہی ہے؟

Mr. Chairman: Honourable Minister of State for Law.

سینیٹر شہادت اعوان: سینیٹر صاحب کا جو سوال تھا وہ مشتاق صاحب کے سوال سے ہٹ کر ہے آپ نے یہ بات کی ہے تو میں گزارش یہ کروں گا کہ اگر وہ اخراجات کی بات کریں گے، fresh question دے دیں اس کا in detail پچھلے چار پانچ سال کا حساب آپ کے سامنے لا کر پیش کر دوں گا۔

Mr. Chairman: Honourable Senator Fida Muhammad supplementary please.

سینیٹر فدا محمد: کیا منسٹر صاحب یہ بتا سکتے ہیں کہ Radio Pakistan بھی قومی ادارہ ہے اور اس کی نشریات یا اس کے programmes کے حوالے سے کیا۔۔۔

جناب چیئرمین: کیا Radio Pakistan کو اور موثر بنایا جا سکتا ہے کہ نہیں؟ Honourable Minister of State for Law.

سینیٹر شہادت اعوان: بلکل یقینی طور پر Radio Pakistan, Pakistan کا نام ہے تو ہماری کوشش ہمیشہ یہ ہی ہو گی اور ان شاءاللہ تعالیٰ ملک بھی بہتر سے بہتر ہو گا اور Radio Pakistan بھی ہو گا اور آپ اور ہم بھی ہوں گے۔

Mr. Chairman: Honourable Senator Faisal Saleem supplementary please.

سینیٹر فیصل سلیم رحمٰن: میں یہ پوچھنا چاہ رہا ہوں کہ جس طرح social media, آج کل لوگ media سے زیادہ social media دیکھتے ہیں۔ تو کیا حکومت اپنے اشتہارات یا funds social media پر بھی use کر رہی ہے اور اس کا کوئی code of conduct ہے یا نہیں؟

Mr. Chairman: Honourable Minister of State for Law.

سینیٹر شہادت اعوان: میری گزارش یہ ہے کہ میری معلومات کے مطابق social media پر government کے ads یا اس قسم کی کوئی policy یا programme نہیں ہے، کیونکہ حکومت کے جتنے بھی rules ہیں وہ PPRA, کے تحت ہیں

اور اس قسم کا کوئی provision نہیں ہے۔ ہمارے ads کا سلسلہ اگر social media پر چل پڑے گا تو بہت سے لوگوں کے لیے مسئلے مسائل ہو جائیں گے اور اگر آپ کی suggestion ہے، اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ قوم اور حکومت کے interest میں ہے تو میں یقینی طور پر government کو suggest کروں گا اور اس کے اوپر عمل بھی کیا جائے گا۔

Mr. Chairman: Honourable Senator Fawzia Arshad. Question No. 54 Senator Fawzia Arshad: Will the Minister for Interior be pleased to state the mechanism evolved to check and monitor the development of cooperative societies at different stages till completion particularly with reference to deviation from layout plan and protection of member's rights?

Rana Sana Ullah Khan: As per Revised Modalities & Procedures (2020) framed under ICT (Zoning) Regulation, 1992 (As Amended) proposals for Housing Schemes is processed in two stages. In the first step Layout Plan (LOP) is approved then on completion of subsequent formalities, the No Objection Certificates (NOC) is issued.

During execution phase of the scheme site visits are frequently arrange by CDA for monitoring the development as per approved Layout Plan. In case, deviation from approved Layout Plan by the sponsors is observed the authority issues Notices. Show Cause Notice and finally cancellation of Layout Plan is made.

Further, if any changes are required as per revenue matters or site situation, the Layout Plan may be reviewed on request of sponsors by the Authority any time incorporating the Changes made by sponsors as per prevailing Rules / regulations.

Moreover, two Directorates of Building Control *i.e.* Building Control North & South were established for

effective Building Control and checking violation of approved Layout plan Subsequently, after handing over possession of the plots to allotees by the sponsors, as per ICT Building Control Regulations 2020, Building Plans are examined/ approved in Directorate of Building Control CDA. In case of any violation in approved Layout plan, the Building plan of the unit is not approved by the Authority.

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر فوزیہ ارشد: میرے سوال میں یہ ہی بات ہے جو انہوں نے طریقہ کار بتایا ہے۔ انہوں نے بہت خوبصورت انداز سے explain کر دیا ہے۔ This is done only in theory but when it comes to practice یہ چیزیں ہوتی نہیں ہیں۔ I would like to quote sector I-12 جو1996 میں بنا تھا اور ابھی تک اس کی نہ development ہوئی ہے، پہلے یہ technical town بنا تھا، انہوں نے اس کا status change کر دیا۔ ادھر انہوں نے residential plots دیئے نہ اس کے sub sectors develop ہوئے ہیں۔ میں جو I-12 کی بات کر رہی ہوں یہ Interior Ministry کی Standing Committee میں ابھی تک چل رہا ہے اس کا کوئی جواب نہیں آیا۔ میرا یہ ہی سوال ہے کہ آپ نے جو mechanism دیا ہے تو can this mechanism be codified with penal action against the fraud which these housing societies are doing. جو معصوم، غریب لوگ ہیں جو low cost area plots ہوتے ہیں اس میں ان کو possession نہیں مل رہی ہے۔ جس وقت یہ societies وجود میں آتی ہیں اور اب جو موجودہ time ہے inflation ہے۔ Time period اتنا لمبا ہو جاتا ہے۔

جناب چیئرمین: میڈم اس پر ضمنی سوال کریں یہ calling attention تو نہیں ہے ناں۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: میں یہ ہی کہہ رہی ہوں کہ اس میں جو لوگ fraud کرتے ہیں کیا ان کے لیے کوئی سزا ہے اور timelines نہیں بتائی گئی ہیں۔

جناب چیئرمین: Honourable Minister of State for Law کوئی سزا دیتے ہیں اگر محکموں سے کوئی غلطی ہو جائے یا صرف عوام کو ہی سزا دیتے ہیں؟

سینیٹر شہادت اعوان: ایسا نہیں ہے، اتفاق والی بات ہے کہ سینیٹر صاحبہ دو سوال mix کر گئی ہیں۔ ان کا ایک سوال نمبر ۱۳ تھا وہ آج defer ہو گیا ہے وہ سوال آیا نہیں۔ جو societies کے متعلق ہے جو مکمل نہیں ہو سکی اس کا جواب میرے پاس ہے جس دن یہ سوال آئے گا میں اس کا جواب دے دوں گا۔ آج جو سوال سینیٹر صاحبہ نے پوچھا ہے کہ یہ بتائیں جب کسی cooperative society کو اگر آپ NOC دیتے ہیں، lay out plan اس کو دیتے ہیں تو اس کا کیا طریقہ کار ہے اگر وہ development نہیں کرتی ہے۔ اس کے لیے سب سے پہلی بات یہ ہے کہ CDA کو اگر کوئی NOC دینا ہے یا کوئی lay out plan approve کرنا ہے۔ اس کے لیے پہلے تھا Modalities and Procedures framed under ICT (Zoning) Regulation, 1992 جس کو بعد میں upgrade کرکے Revised Modalities and Procedures (2020) framed under ICT (Zoning) Regulation 1992 بنا دیا گیا ہے۔ ان دونوں میں فرق کیا ہے، فرق صرف یہ ہے کہ پہلے 1992 میں review کی position نہیں ہوتی تھی لیکن اب اس کے اندر review کی position ہے۔

سب سے پہلے تو میں یہ بتاوں کہ اگر ہمارے پاس کوئی NOC lay out plan کے لیے آتا ہے اس کا طریقہ کار CDA کے پاس کیا ہے، آج کا جو بھی saleable area ہوتا ہے اس saleable area کا 20% CDA اپنے پاس mortgage کر لیتی ہے، transfer نہیں کرتے mortgage کر لیتے ہیں. number one اس کے علاوہ جتنے بھی amenity plots ہیں جن میں parks, play grounds, green areas, roads, mosques ہیں ان کو CDA اپنے پاس transfer کرا لیتی ہے۔ یہ NOC دینے سے پہلے کا procedure ہے کیوں، اس لیے وہ ایسا کر لیتے ہیں تا کہ وہاں کے members کے interests کو look after کیا جا سکے۔ اگر وہ وقت پر development نہیں کرتے ہیں تو ان rules کے اندر ایک procedure ہے کہ وقت پر نہ کرنے کی وجہ سے 8000

rupees per canal ان کو fine ہوتا ہے اور اس کے علاوہ اگر ان لوگوں کو اپنی allotment سے related کسی بھی قسم کی شکایت ہوتی ہے کمی بیشی ہوتی ہے تو ہم نے 20% plots جو mortgage کیے ہوئے ہیں ان میں سے ہم ان کو accommodate کر دیتے ہیں اور لوگوں کا interest جس طرح میں نے کہا کہ amenity plots اپنے پاس اس لیے transfer کروا لیتے ہیں تاکہ کوئی بھی آدمی plan کی violation نہ کر سکے۔ یہ یہاں کے ہی regulations, laws بنائے ہوئے ہیں تو اگر اس میں آپ کچھ اور چاہتے ہیں، قانون سازی کے لیے آپ ہمیشہ تیار رہتے ہیں۔ اگر کوئی suggestion دیں گی اور ہمیں لوگوں کے interest میں مزید بہتر کرنے کی ضرورت محسوس ہو گی تو سینیٹر صاحبہ کے suggestion کے مطابق قانون کو تبدیل کیا جائے گا اور CDA کو مزید مضبوط کیا جائے گا تاکہ جو لوگ وہاں پر جگہ لیتے ہیں ان کا interest مد نظر رکھا جا سکے۔

Mr. Chairman: Honourable Senator Saifullah Abro.

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب چیئرمین! شکریہ۔ میں پہلے تو شہادت بھائی کو داد دیتا ہوں۔ آپ نے بھی ان کی تعریف کی ہے اور میں بھی تعریف کروں گا۔

جناب چیئرمین: فیصل صاحب، آپ ان کو سنیں۔ ان کا question ہے۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: دیکھیں، تعریف تو ان کی بنتی ہے۔ ایک تو ہمارا بھائی اور ممبر ہے۔ اس ہاؤس میں بیٹھا ہے۔ 88 members کی کابینہ کا وزن انہوں نے اٹھایا ہوا ہے۔ ان کو تو خراج تحسین پیش کرنا چاہیے کیونکہ ہر سوال کا جواب وہ دیتے ہیں۔ اگر ایک ممبر کا وزن 100 kg ہو تو تقریباً 8.9 ٹن ان کا وزن بنتا ہے۔ شہادت بھائی سے میرا یہ سوال ہے کہ یہ procedure تو آ گیا کہ پہلے LOP issue کیا جاتا ہے اور اس کے بعد NOC. یہاں پر بہت سی سوسائٹیاں ایسی ہیں جن کے پاس LOP and NOC نہیں ہوتا۔ اسلام آباد میں بہت سارے مسائل ہیں۔ اسلام آباد میں کل کتنی سوسائٹیاں ہیں جن کے پاس نہ LOP ہے اور نہ NOC ہے۔ ان کے خلاف کیا action لیا گیا ہے۔ اگر ان کی یہاں پر لسٹ دی جاتی۔ اصل issue یہی ہے۔ اگر ہم اس طرف جائیں تو شاید سوسائٹیوں کے مسائل حل ہو جائیں گے۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Honourable Minister of State for Law.

Senator Muhammad Asad Ali Khan Junejo: On behalf of Senator Manzoor Ahmad, Chairman, Standing Committee on Overseas Pakistanis and Human Resource Development, I present report of the Committee on a point of Public Importance raised by Senator Mushtaq Ahmad on 14th of July, 2021 regarding problems being faced by overseas Pakistanis.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No. 12, Senator Hilal ur Rehman, Chairman, Standing Committee on States and Frontier Regions,

please ،جی تنگی صاحب کا، SAFRON Standing Committee کون ممبر ہے جی move.

Presentation of Report of the Standing Committee on States and Frontier Regions regarding arising problems in the merged District after merger into the province of Khyber Pakhtunkhwa

Senator Bahramand Khan Tangi: I, Senator Bahramand Tangi on behalf of Senator Hilal ur Rehman, Chairman, Standing Committee on States and Frontier Regions present report of the Committee on the Point of Public Importance raised by Senator Hidayat Ullah Sahib on 23rd June, 2021, regarding "Arising problems in the merged District after merger into the province of Khyber Pakhtunkhwa".

Mr. Chairman: Report stands laid, Order No.13, Calling Attention Notice by Prof. Dr. Mehr Taj Roghani, not present. Order No.14, Calling Attention Notice by Danesh Kumar, please move Calling Attention Notice.

سینیٹر دنیش کمار: جناب چیئرمین، N-25 جو کراچی تا کوئٹہ اور چمن جو خستہ حالی کا شکار ہے، اس کی جانب وزیر برائے مواصلات کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جی، جی۔

Calling Attention Notice by Senator Danesh Kumar regarding the deteriorated condition of N-25 from Karachi to Quetta and Chaman

سینیٹر دنیش کمار: جناب چیئرمین، یہ بلوچستان کے حوالے سے اتنا اہم ہے کہ اگر وزیر مواصلات ہوتے تو مجھے خوشی ہوتی کہ بلوچستان کے حوالے سے وہ سن رہے ہوتے مگر ان کی عدم دلچسپی سے ظاہر ہے کہ وہ اتنے اہم مسئلہ پر بھی نہیں آئے۔

جناب چیئرمین، N-25 جس کا پرانا نام آر سی ڈی شاہراہ ہے، جو کراچی سے کوئٹہ اور کوئٹہ سے چمن پر مشتمل شاہراہ ہے۔ یہ 1960 کی دہائی میں بنی تھی۔ اس شاہراہ کو بلوچستان کے لوگ 'خونی شاہراہ' کہتے ہیں۔ میں تو کہتا ہوں کہ یہ دہشت گرد شاہراہ ہے۔

جناب چیئرمین، میں آپ کو figures بتاتا ہوں کہ بلوچستان میں دہشت گردی کی وجہ سے پچھلے دس سالوں میں دوہزار لوگوں کی شہادت ہوئی ہے۔ اس ظالم، اس دہشت گرد شاہراہ نے، اس خونی شاہراہ نے ہمارے پانچ ہزار سے زائد لوگوں کی جانیں لے لی ہیں۔ یہ ایسی situation ہے کہ میں حیران ہوں کہ ایسے حالات کے متعلق سننے کے لئے وزیر صاحب بھی موجود نہیں ہیں۔ مجھے سخت افسوس ہو رہا ہے۔

جناب عالی، N-25 کے لئے بلند و بانگ دعوے کئے گئے۔ میں پہلے اس پر آتا ہوں کہ یہ حادثات کس وجہ سے ہوتے ہیں۔ یہ شاہراہ سنگل ہے۔ مجھے اس ایوان میں آئے دو سال ہو گئے ہیں، میں اپنا سر پیٹ کر رہ گیا ہوں کہ خدارا اس شاہراہ کو دورویہ کیا جائے، اس کی dualization کی جائے مگر مجھے افسوس ہے کہ پی ٹی آئی کی حکومت نے بھی point scoring کی اور موجودہ حکومت بھی point scoring کر رہی ہے مگر عملی طور پر کوئی کام نہیں ہو رہا۔ آپ PSDP Book میں دیکھیں اس شاہراہ کی dualization کے لئے بارہ دفعہ بجٹ منظور ہوئے ہیں مگر ابھی تک آپ کو پتا ہے کہ زمینی طور پر سوراب سے کوئٹہ ایک سو کلومیٹر پر صرف earthwork ہوا ہے۔ کسی کو پرواہ نہیں ہے کہ بلوچستان کے لوگوں کی جانیں ضائع ہو رہی ہیں۔ آپ یہ سوچیں کہ گزشتہ دنوں بیلا میں جو حادثہ ہوا ہے جس میں اکتالیس لوگ جل کر کوئلہ ہو گئے۔ میں کہتا ہوں کہ ان کی آہیں اس ایوان میں گونج رہی ہیں اور وہ ہماری بے حسی پر ماتم کناں ہیں۔

میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ آپ سے زیادہ متاثر کون ہو سکتا ہے۔ پچھلی جنوری میں آپ کا بھائی بھی اسی شاہراہ نے نگل لیا تھا۔ یہاں بلوچستان کا کوئی بھی parliamentarian بتائے جس کا کوئی نہ کوئی لخت جگر یا رشتہ دار یہ شاہراہ نگل نہ گئی ہو۔ مگر مجھے افسوس ہوتا ہے کہ ہمارے اسلام آباد کے حکمران، ہماری اسلام آباد کی بیوروکریسی کی ترجیح بلوچستان نہیں ہے اور یہ صرف میں نہیں کہتا ہوں کہ موجودہ حکومت ہی بلکہ جتنی بھی حکومتیں آئی ہیں، وہ کہتی ہیں کہ وہاں پر وزیراعظم صاحبان آتے ہیں کہ جی بلوچستان ہمارا دل ہے، بلوچستان ہماری اولین ترجیح ہے۔ مراد سعید صاحب آئے تھے، جناب عمران خان صاحب آئے تھے اور اس شاہراہ کی dualization کا افتتاح کیا۔ جناب شہباز شریف صاحب آئے تھے اور اس شاہراہ کی dualization کا افتتاح کیا۔ جناب اسد صاحب آئے تھے اور انہوں نے اس شاہراہ کی dualization کا افتتاح کیا مگر یہ افتتاح سے آگے نہیں بڑھ

رہی ہے اور کہا جارہا ہے کہ فنڈ نہیں ہیں۔ پورے ملک میں ہر جگہ موٹروے کا جال بچھا دیا گیا مگر افسوس درافسوس کہ ہم بلوچستان کے لوگ اس چیز سے محروم ہیں۔ ہماری یہی محرومی بدامنی کو جنم دیتی ہے مگر یہاں کے حکمرانوں کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی۔ کیا ہم اس طرح سے لاشیں اٹھاتے رہیں گے؟

آپ سوچیں ان والدین کے بارے میں جن کے بچے اس خونی شاہراہ نے نگل لئے، آپ سوچیں ان عورتوں کے بارے میں جو اس شاہراہ کی وجہ سے بیوہ ہو گئیں۔ آپ سوچیں ان والدین کے بارے میں جن کے بچے یہ شاہراہ نگل گئی اور جو بچے یتیم ہوئے ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ خدارا، ان یتیموں کی آہوں سے بچیں اور اس شاہراہ کے لئے on priority basis فنڈ مہیا کریں مگر آپ کو علی الاعلان کہتا ہوں کہ حکمرانوں کی یہی بے حسی رہی اور اگر ہم بلوچستان والوں کے بارے میں نہیں سوچیں گے تو یہ شاہراہ آنے والے دس سالوں تک مکمل نہیں ہو گی اور ہم اسی طرح سے لاشیں اٹھاتے رہیں گے۔ جناب عالی! میں آپ کو دوسری بات بتادوں کہ اس شاہراہ پر ہماری National Highway Police Authority بھی خواب غفلت میں سوئی ہے۔ وہاں over speeding کی جاتی ہے۔

جناب عالی! میں آپ کے سامنے ایک انکشاف کرتا ہوں کہ رات کے وقت اس شاہراہ پر نوے فیصد ڈرائیور حضرات جو گاڑیاں چلاتے ہیں ان سے جب پوچھا تو وہ کہتے ہیں کہ ہم جب تک چرس پی کر گاڑی نہ چلائیں، ہم نہیں چلا سکتے۔ نشے کی حالت میں چلاتے ہیں مگر روکنے والا کوئی نہیں ہے۔

جناب عالی! ہمارا دل دکھتا ہے کہ اس شاہراہ پر سفر کرنا ایک عذاب بن گیا ہے۔ اس شاہراہ پر اگر ہمارے لوگ جاتے ہیں تو ہم کہتے ہیں کہ یہ کوئٹہ تک کفن پہن کر جارہے ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ سینیٹ کے پورے ایوان کو on priority basis ایک قرارداد بھی لانی چاہیے اور حکومت کو مجبور کرنا چاہیے کہ تمام چیزیں بند کرکے اس خونی شاہراہ کی dualization پر کام کیا جائے، صرف PSDP book میں لوگوں کو دکھا کر خوش نہ کیا جائے۔

جناب عالی! اگر ہم نے یہ نہ کیا تو میں کہتا ہوں کہ ہم پر، میں اپنے اوپر کہتا ہوں کہ یہاں جتنے بھی لوگ بیٹھے ہوئے ہیں جو اس چیز کے ذمہ دار ہیں ان پر اللہ کا عذاب نازل ہوگا اور ان لوگوں کی آہیں ان کو لے ڈوبیں گیں۔ جناب، میرا دل جلتا ہے۔ جب میں نے دیکھا کہ بیلا میں اکتالیس لوگوں

کی کوئلہ ہوئی، مسخ شدہ لاشیں میرے سامنے ہیں۔ یہ لوگ کہتے ہیں کہ چپ کریں، میں کس طرح چپ کروں، میں اپنے منہ کو پیٹوں، کیا کروں۔

میں تو کہتا ہوں کہ آج آپ رولنگ دیں کہ ریکوڈک سے جو پیسا آئے گا، جو وفاق کے پاس جائے گا وہ تمام اس شاہراہ پر خرچ کیا جائے تاکہ ہمارا مسئلہ حل ہو۔ ہماری معدنیات ہیں، یہ پیسے ہمارے صوبے میں priority basis پر خرچ ہوں نہ کہ وفاق کو دیے جائیں۔۔۔۔

جناب چیئرمین: وہ پانچ سال بعد آئیں گے، فی الحال وفاقی حکومت بنالے۔

سینیٹر دنیش کمار: اسی طریقے سے سیندک کا جو پیسا وفاق کو مل رہا ہے، وہ پیسا بھی لگایا جائے، اس شاہراہ پر کھربوں روپے نہیں لگتے، یہ اربوں روپے میں بن جائے گی اور بلوچستان کے لوگوں کو ایک relief ملے گی اور یہ خونی شاہراہ ہمارے لوگوں کی جانیں نگلنا چھوڑ دے گی۔

جناب والا! میں ہاتھ باندھ کر تمام parliamentarians سے استدعا کرتا ہوں، مشاہد حسین صاحب! آپ سید بادشاہ ہیں، آپ سے بھی کہتا ہوں کہ اس شاہراہ کے لیے آپ علم بغاوت بلند کریں اور اپنی پارٹی کو کہیں جس طرح اُس دن آپ اپنی پارٹی کے خلاف گئے تھے، آپ انہیں کہیں کہ یہ شاہراہ اگر نہیں بنتی تو آپ مستعفی ہو جائیں گے، میں بھی مستعفی ہو جاؤں گا۔۔۔۔

جناب چیئرمین: نہیں جذباتی نہ ہوں، آپ ہمیں ادھر ایوان میں چاہییں۔ دنیش، آواز کون اٹھائے گا؟

سینیٹر دنیش کمار: جناب! جب ہماری کوئی سنتا نہیں ہے تو اس ایوان میں بیٹھنے کا فائدہ کیا ہے۔۔۔

جناب چیئرمین: ان شاء اللہ بنے گی، آپ ادھر ہوں گے تو آوازیں اٹھیں گیں۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب! یقین جانیں کہ یہ parliamentarians چلیں، میں ان کو اُن کے لواحقین سے ملاتا ہوں، حال ہی میں 41 لوگ شہید ہوئے تھے جن کی لاشوں کو DNA test کے ذریعے شناخت کیا گیا تھا۔ بچے، میں تو حیران ہوں کہ اس ایوان میں ان لوگوں کی آہیں سنائی دے رہی ہیں، وہ کہہ رہے ہیں کہ کیسا بے حسی کا ماحول ہے کہ ہماری کوئی سن نہیں رہا۔ جناب! کہنے کو بہت کچھ ہے مگر میں چاہتا ہوں کہ آپ بھی son of soil ہیں، آپ نے بھی دیکھا ہے کہ کتنے حادثات ہوتے ہیں۔ آج آپ اپنی authority استعمال کرکے ایک ruling دیں کہ اگر

حکومت نہیں کرتی ہے تو ہم اس کے خلاف جائیں گے۔ اس لیے میں آپ سے استدعا کرتا ہوں کہ یہاں اپوزیشن اور حکومتی اراکین اس ایک point agenda پر متحد ہو جائیں تاکہ بلوچستان کے لوگوں کو relief ملے۔

Mr. Chairman: Honourable Minister of State for Law.

سینیٹر شہادت اعوان: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! جو صورت حال ہے، اس کا ہم نے جواب دیا۔ پہلی بات یہ ہے کہ ہر ایک کے علم میں ہے کہ یہ سڑک جس کا ذکر کیا گیا ہے، یہ 1985 تک صوبائی حکومت کے پاس تھی، 1985 کے بعد یہ وفاقی حکومت کے حوالے ہوئی۔ بالکل، دنیش صاحب نے یہ کہا، میں تو نام نہیں لوں گا، انہوں نے کہا کہ کچھ سابقہ حکومتوں نے بھی گو کہ یہ ان کا حصہ تھے، انہوں نے ان کی بات پر کان نہیں دھرا لیکن جناب! 11 اپریل 2022 کو جناب میاں شہباز شریف صاحب نے حلف لیا۔ آپ اس بات کی تصدیق کیجیے گا کہ سب سے پہلے انہوں نے 23 اپریل 2022 کو جا کر اس road کا افتتاح کیا۔ دنیش صاحب، آپ تو جانتے ہیں لیکن بہت سے دوستوں کو میں یہ بتانا چاہوں گا کہ یہ وہ والا روڈ ہے جو کراچی سے براستہ چمن افغانستان اور افغانستان سے کراچی جاتا ہے۔ یہ 790 road کلومیٹر لمبا ہے۔ اس منصوبے کو ہم نے 23 اپریل 2022 کو شروع کیا۔ جواب کے ساتھ لگا کر یہ ہم نے دے دیا۔ ہم نے اس کو تین ٹکڑوں میں تقسیم کیا ہے۔ 273 کلومیٹر کراچی سے خضدار ہے جس کے لیے 74.716 billion بجٹ ہے۔ اس کے بعد خضدار سے کوئٹہ تک 330 کلومیٹر ہے جس کے لیے 81.582 billion بجٹ ہے۔ کوئٹہ سے چمن 187 کلومیٹر ہے، اس کو N-25 کہتے ہیں۔ اسی روڈ سے آپ divert کر کے N-40 پر جاتے ہیں، یہ تفتان، ایران جاتا ہے۔ جناب! آپ نے گاڑیوں پر پورا بلوچستان گھوما ہوا ہے۔ اسی سڑک سے N-50 ژوب، ڈیرہ اسماعیل خان جاتا ہے۔ اسی سڑک کی ٹریفک کراچی سے گوادر اور گوادر سے چمن، کوئٹہ اور خضدار کی ٹریفک بھی اسی سڑک پر چلتی ہے۔

گزارش ہے کہ اتنے روڈ میں نے اس وجہ سے گنوائے کہ اس پر یقینی طور پر بہت heavy traffic ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ ایک صوبے کی بہت بڑی شاہراہ ہے، اس پر حادثات ہوتے ہیں۔ ایک انسانی جان کا زیاں تو درکنار ہے، ٹریفک حادثے میں کسی ایک انسان کا زخمی ہونا بھی زیادتی ہے۔ اس سڑک پر این ایچ اے نے سات چوکیاں قائم کی ہیں۔ جیسے میں نے بتایا کہ اپریل 2022 میں

شروع کیا ہے۔ آتے ہی ہم نے یہ محسوس کیا ہے کہ سات چوکیوں سے یہ آپ کے چرس پینے والے ہم سے قابو نہیں آئے تو ان چوکیوں کو بڑھایا جائے۔ کل این ایچ اے پولیس میں باقاعدہ طور پر recruitment ہوئی ہے، کل بھی انٹرویو ہو رہے تھے۔ اس کو زیادہ بڑھایا جائے گا۔

جناب! یہ بہت لمبی سڑک ہے۔ ہم نے لکھا ہے کہ پہلے خضدار سے کچلاک تک dualization ہو گی۔ ہم نے نومبر 2022 میں شروع کیا ہے۔ ان شاء اللہ نومبر 2025 میں ختم ہو گی۔۔۔

جناب چیئرمین: کیا کام شروع ہو چکا ہے؟

سینیٹر شہادت اعوان: ہم نے لکھ دی ہے کہ نومبر میں شروع ہوا ہے، دسمبر کا مہینہ گیا ہے۔ ہم نے یہ بھی لکھ دیا کہ چار چار فیصد sections پر کام، progress شروع ہو گئی ہے۔ ان شاء اللہ یہ مکمل ہو گا، یہ اہم شاہراہ ہے۔ اس پر باقاعدہ vigilance ہو گی، لوگ بھی محفوظ رہیں گے اور ٹریفک بھی رواں دواں رہے گی۔ کراچی سے کوئٹہ آپ کا سفر بھی اسی راستے سے جاری و ساری رہے گا۔

Mr. Chairman: The Calling Attention Notice has been disposed of. Honourable Senator Prof. Dr. Mehar Taj Roghani, please move Order No. 13.

Calling Attention Notice by Senator Prof. Dr. Mehar Taj Roghani regarding non-availability and increase in prices of medicines, medical devices and vaccines in the country

سینیٹر مہر تاج روغانی: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! آپ کو معلوم ہے کہ بہت ضروری point ہے۔ This is regarding the drugs. ایک تو ادویات کی قیمتوں میں جو اضافہ ہوا ہے، may be 10, 20, 30 times and may be 40 times increase ہوئی ہے۔ میں totally بتا رہی ہوں کیونکہ میرا scientific research نہیں ہے لیکن میرے ساتھی جو مجھے بتا رہے ہیں، وہ کہہ رہے کہ even 40 times increase drugs کا ہوا ہے۔ Mr. Chairman, the tragedy does not end there. The curse is the non-availability of the drugs.

Prices تو بڑھ گئی ہیں۔ وقت نہیں ، میں صرف دو ادویات کی مثال دیتی ہوں، ایک protamine sulphate, this is used to reverse the effect ہے of heparin, اگر اس دوائی کو وقت پر نہ دیا جائے تو پورے جسم میں bleeding ہو جاتی ہے، یہ available نہیں ہے اور اگر available ہے بھی تو sky high prices پر ہے، کوئی afford نہیں کر سکتا، یہ heart surgery میں بہت اہم ہے، نمبر ا۔

دوسرا oxygenator ہے، یہ بھی دستیاب نہیں ہے۔ میرے ساتھی Cardiac Surgeons بتاتے ہیں کہ ہم heart surgery نہیں کر پا رہے کیونکہ oxygenator یا تو دستیاب نہیں ہے اور اگر دستیاب ہے تو اتنا high price ہے کہ لوگ afford نہیں کر سکتے۔ کل وزیر صاحب میرے ساتھ discuss کر رہے تھے کہ

his son in law is also a Cardiac Surgeon, I think he cannot understand my language better than anyone else.

جناب چیئرمین: خود وکیل ہیں۔

سینیٹر مہر تاج روغانی: خود وکیل ہیں، son in law Cardiac Surgeon ہیں۔۔۔

جناب چیئرمین: لیکن وہ health کے بھی ماہر ہیں۔

سینیٹر مہر تاج روغانی: جناب! وہ سر ہلا رہے ہیں کہ انہیں پتا ہے۔ ٹھیک ہے he is understanding what I am saying. یہ oxygenator lungs machine کی طرح ہے۔ یہ carbon dioxide کو آکسیجن میں تبدیل کرتا ہے۔ اب اگر oxygenator available نہیں ہے تو surgery کیسے ہو گی۔ جناب! بہت سے لوگوں کی heart surgeries halt پر ہیں، وہ نہیں ہو رہے ہیں۔ وزیر صاحب نے مشتاق صاحب کو کہا کہ مجھے ساتھ حل بتائیں، میں حل بتاتی ہوں یہ LCs کی وجہ سے ہے، LC آج کھولیں تو آپ کو oxygenators بھی مل جائیں گے، یہ دوائیں بھی مل جائیں گی تو اس کا حل یہ ہے جو میں نے بتا دیا ہے اور ویکسین کے حوالے سے میں کسی تفصیل میں نہیں جانا چاہتی کیونکہ میں نے کل بتایا تھا کہ anti-diphtheria vaccine کم ہے اور اس کی وجہ سے deaths ہوئی ہیں۔ اس کی تفصیل میں، میں نہیں جانا چاہتی۔ دوسری statin group of drugs ہے، statin

group of drug is used to reduce the triglycerides in the body جو کہ hypertension ہے، heart attacks میں ہے تو triglyceride اور LDL کو light density protein کو یہ کم کرتی ہے اور یہ بہت اہم دوائی ہے لیکن اس کی قیمتیں اتنی زیادہ ہیں اور اگر قیمتیں زیادہ بھی ہیں تو دستیاب نہیں ہے۔ I wanted to discuss that as well۔ جناب والا! We Senators do not feel the pinch of it, why? کیونکہ ہمیں مفت ادویات ملتی ہیں، ہمیں اس کی کوئی پرواہ نہیں ہے آج اس کو بند کریں تو یقین مانیں سب سے پہلے میں احتجاج کروں گی لیکن میری خواہش ہے کہ میرے سے پہلے کوئی non-doctors بھی یہ بات لے آتے کہ یہ ادویات دستیاب نہیں ہیں اور خدا کے لیے اس کے لیے کچھ کریں اور یہ ہو سکتا ہے۔

اس کے بعد اگر میں کہوں کہ پنجاب میں صحت کارڈ بند ہے تو آپ کہیں گے کہ یہ صوبائی معاملہ ہے، ٹھیک ہے یہ صوبائی ہے لیکن صحت کارڈ پنجاب میں بند کرنا ایسے ہے کہ مجھے یقین ہے کہ حکومتی بینچوں کے میرے ساتھی بھی مجھ سے متفق ہوں گے کہ پنجاب کے صحت کارڈ کیوں بند کیے؟ غریبوں کے لیے جو تھوڑا بہت راستہ تھا وہ بھی بند کر دیا ہے ، لیکن کیوں؟ میں خود ایک pediatrician رہ چکی ہوں جناب والا! جیسے دنیش کے دل کو درد ہوتا ہے جب وہ راستے کا بتا رہا تھا یقین مانیں I feel pain in my heart when I talk. جب میرے پاس ماں آتی تھی اور بچے کو لاتی تھی اور کہتی تھی کہ میں نے ایک بکری بیچ دی ہے، I have sold my jewelry اور میں اپنے بچے کو لائی ہوں علاج کے لیے تو جیسے دنیش کا دل دکھتا ہے میرا دل مریضوں کے لیے اسی طرح دکھتا ہے اور میں جانتی ہوں وقت کم ہے اور آپ میرے طرف دیکھ رہے ہیں لیکن میں پہلے بھی کہہ چکی ہوں اور اب پھر کہہ رہی ہوں ان لوگوں کو جو کہ یہاں پر بیٹھے ہیں، جو لفٹ میں ہیں، جو سائیڈ پر ہیں، جو ہماری ladies service میں ہیں، براہ مہربانی ان کے لیے ادویات کا کچھ کریں۔ یہ میری آپ سے گزارش ہے۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: وزیر مملکت برائے قانون۔

Senator Shahadat Awan (Minister of State for Law and Justice)

سینیٹر شہادت اعوان: جناب والا! میں پروفیسر صاحبہ کا بہت مشکور ہوں کہ وہ بہت اہم نوعیت کے اپنے profession سے متعلق باتیں اس ہاؤس میں لے کر آتی ہیں اور یقینی طور پر ہم ان سے مستفید ہوتے ہیں کہ ملک و قوم کے لیے بہتری ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ پروفیسر صاحبہ کی اگر ان باتوں سے کچھ عرصہ پہلے اگر استفادہ کیا ہوتا تو میرے خیال میں ڈاکٹر صاحبہ کو آج یہاں پر نوٹس نہ لانا پڑتا۔ میں گزارش یہ کروں گا کہ بالکل بجا طور پر ڈاکٹر صاحبہ نے یہ کہا کہ اس وقت اگر کچھ ادویات ہیں، manufacturers جتنے ہیں، ان کا problem LCs ہے۔ وہاں پر کیونکہ ان کا سامان release نہیں ہو رہا ہے، اس کی وجہ سے manufacturing کچھ کم ہے۔ اگر آپ آج کا Dawn News دیکھیں تو اس میں انہوں نے ایک لائحہ عمل بھی دیا ہے اور انہوں نے ایک گزارش کی ہے کہ اگر ہمارا raw material release نہیں ہوگا تو پھر شاید ہمیں manufacturing میں کچھ problems پیش آئیں گی لیکن ڈاکٹر صاحبہ کا جو Calling Attention Notice تھا وہ یہ تھا کہ جو قیمتیں بڑھائی جا رہی ہیں تو میں جس طرح گزارش کر چکا ہوں کہ 11 اپریل، 2022 کے بعد اور اس سے کچھ عرصہ پہلے کا اگر ہم موازنہ کر لیں تو میرے خیال میں یہ آپ appreciate کریں گی اور میں یقینی طور پر کہتا ہوں کہ ڈاکٹر صاحبہ ہمیشہ حق والی بات کرتی ہیں۔

یہ ایک drug pricing policy ہے 2015 and 2018 کی، اس کے تحت consumer price index بنایا جاتا ہے۔ جناب عالی! Rate of increase of CPI was 3.92% اور 2018 میں کس کی حکومت تھی؟ 2019 میں وہ 7.3% increase ہوا یعنی double سے بھی زیادہ قیمتیں بڑھ گئیں۔ پھر 2020 میں essential drugs 7%, other drugs 10% and overall in 2020 10% prices were increased. In 2021 essential drugs 6.23% جو, other drugs 8.9% and the CPI was 8.9%. In 2022, شروع کا دور تھا، اس میں essential drugs 7%, other drugs 10% and overall CPI was 10%. لہٰذا میں یہ کہوں گا کہ اتفاق والی بات ہے کہ ہم نے اس پر غور نہیں کیا۔ آج تو میں سمجھتا ہوں کہ سب لوگ hue and cry کرتے ہیں، social media

پر بھی بہت چیخ و پکار ہو رہی ہے لیکن جناب عالی! facts and figures یہ بتاتے ہیں کہ یہ prices پہلے کتنی تھیں اور اب کتنی ہیں اور یہ کس کے دور میں بڑھیں۔ اس کو ابھی چھوڑ دیں جناب والا۔ اب میں یہ کہوں کہ 10 اپریل 2022 کے بعد کن کن چیزوں کی قیمتیں بڑھیں۔ اس میں، میں یہ تسلیم کرتا ہوں کہ کن کن چیزوں کی قیمتیں بڑھیں۔ ان میں Paracetamol کی جو plain tablet ہے اس کی قیمت پہلے تھی Rs.1.8 per tablet اس کو بڑھا کر ہم نے Rs.2.35 per tablet کی کیونکہ COVID اور موسم کی وجہ سے اس کی demand زیادہ ہو گئی تھی، اس لیے ہم نے اس کی قیمت تھوڑی سی بڑھا دی۔ اس کے علاوہ Paracetamol Extra tablet کی پہلے قیمت تھی Rs.1.98/- per tablet اس کو ہم بڑھا کر Rs.2.75/- per tablet کیا۔ پھر ہے paracetomol suspension, ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ہم نے صرف paracetamol کی قیمت بڑھائی لیکن جناب والا! یہ ایوان بھی اس بات کو appreciate کرے گا کہ ان حالات میں بھی جہاں کہنے کے لیے تو بہت کچھ ہے لیکن میں اس ایوان میں یہ ایک notification جو 11 جنوری، 2023 کا ہے، جو حکومت پاکستان کا ہے، Ministry of National Health Services کا، کے بارے میں سب کو بتانا چاہتا ہوں اور مجھے یقین ہے ڈاکٹر صاحبہ کہ آپ اس پر بہت خوش ہوں گی اور یقیناً یہ بات آپ کے علم میں بھی ہو گی کہ اس میں ہم نے 20 ضروری ادویات کی قیمتیں کم کی ہیں۔ اس بات کو تو appreciate کرنا چاہیے۔

پھر ڈاکٹر صاحبہ نے جو دو باتیں بتائی ہیں یعنی جو دو injections بتائے ہیں، میں یہ تسلیم کرتا ہوں کہ پچھلے دور سے لے کر اب تک pharmaceutical manufacturer کے بھی اپنے مسئلے مسائل ہیں۔

(اس موقع پر ایوان میں ظہر کی اذان سنائی دی)

جناب چیئرمین: جی، معزز وزیر صاحب۔

سینیٹر شہادت اعوان: میں آخری دو الفاظ کہوں گا یقینی طور پر جو حالات ہیں وہ سب کے سامنے ہیں لیکن efforts قابل ستائش ہیں، میں آپ کو یاد کرواؤں گا 18 December, 2018 کو پاکستان میں ایک Cabinet کی meeting ہوئی تھی جس میں

medicines کی 15% قیمتیں بڑھانے کی تجویز آئی لیکن Cabinet میں آخر فیصلہ یہ کیا گیا میں یہ وہ بات کر رہا ہوں جو کہ ہر جگہ سے download ہو سکتی ہے، کہا گیا بجائے اس کے کہ لوگوں کے ذہن میں یہ 15% کی figure جائے تو اس کو 9% تک بڑھا دیتے ہیں اور بجائے 10 medicines کی قیمت 15% بڑھائیں تو اگر بہت زیادہ medicines کی قیمت بڑھائیں تو ہمارا target پورا ہو جائے گا، وہ medicines میں آپ کو بتاؤں کہ December, 2018 میں 464 drugs کی قیمت 9% تک بڑھائی گئیں، اسی طریقے سے October, 2020 میں 94 medicines کی قیمتیں بڑھادی گئیں، اسی طریقے سے September, 2021 میں 8 medicines کی قیمت بڑھادی گئی۔ میں صرف یہ گزارش کروں گا کہ ان حالات میں، ان facts and figures and 11 January کا notification کے بعد ان کے prices کم ہوئے اس لئے میری گزارش یہ ہوگی کہ ہم موجودہ حکومت اور خصوصاً health minister جناب عبد القادر پٹیل کو appreciate کریں کہ انہوں نے عوام کا یہ خیال رکھتے ہوئے، بجائے یہ 7% or 10%, 9% بڑھانے کے انہوں نے عوام کے لیے سہولت مہیا کی اور امید رکھتا ہوں ڈاکٹر صاحبہ دو الفاظ موجودہ حکومت اور عبد القادر پٹیل کے لیے، ان کی ستائش کے لیے کہیں۔

Mr. Chairman: Calling Attention Notices are disposed of. Honourable Senator Dost Muhammad Khan, not present. Senator Kamran Michael Sahib.

(مداخلت)

جناب چیئرمین: حاجی صاحب یہ لازم نہیں کہ ہر دن سب تقریر کریں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: دو منٹ دیں، حاجی صاحب دو منٹ دیں، حاجی صاحب غصہ نہ ہوں دو منٹ دیں، حاجی صاحب تشریف رکھیں۔

Point of Public Importance raised by Senator Kamran Michael regarding derogatory remarks by the Minister of Inter-faith Harmony and Religious Affairs

سینیٹر کامران مائیکل: شکریہ، جناب چیئرمین! Interfaith Harmony کے حوالے سے efforts اگر حکومت کی طرف سے کیے جائیں تو اس کا objective اور اس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ مذاہب کے درمیان مذہبی رواداری کو فروغ دیا جائے، یگانگت اور بھائی چارے کو فروغ دیا جائے اور مختلف مذاہب کے درمیان رواداری کو فروغ ملے۔ پچھلے ہفتے ہم نے دیکھا کہ Ministry of Interfaith Harmony کی طرف سے ایک invitation جاری ہوا یہ ریاستی invitation تھا، جس میں تمام مذاہب کو بلایا گیا، اس میں مسیحیوں نے، سکھوں نے، ہندوؤں نے اور دوسری communities نے شرکت کی، ہمارے foreign friends بھی اس میں شامل ہوئے، diplomats کو بھی بلایا گیا لیکن وہاں پر بلا کر ان مذاہب کو یہ بات باور کروائی گئی کہ آپ کے مذاہب میں خامیاں ہیں اور صرف ایک ہی مذہب superior ہے، مختلف تقریریں کروائیں گئیں اور وہاں پر لوگوں نے boycott کیا۔ جناب چیئرمین! وہاں پر مختلف مذاہب کو بلا کر، ان کے نمائندوں کو بلا کر، ان کی تذلیل کی جائے، تحقیق کی جائے اور مذاہب کے درمیان تفریق کی لکیر نکالی جائے۔ یہ ریاست کا کام نہیں ہے، ریاست کا کام ہے کہ جب بھی کوئی وزیر کسی کو invitation دیتا ہے تو وہ ریاست کی طرف سے ہے، ہم اکثر individuals کی طرف سے دیکھتے ہیں، ہمیں بہت شکایات موصول ہوتی ہیں، نفرت آمیز چیزیں دیکھنے اور سننے کو ملتی ہیں، مذہبی منافقت سننے کو ملتی ہے لیکن وہ individuals کا matter ہے، جس سے بحیثیت قوم، بحیثیت پاکستانی قوم ہم ملک میں face بھی کرتے ہیں اور اس کو solve بھی کرتے ہیں لیکن جب ریاستی ادارے کی طرف سے، کیوں کہ ریاستی ادارے protection کا باعث ہیں، جب ہمیں ناامیدی ملتی ہے تو ہمیں امید کی کرن ریاست کی طرف سے نظر آتی ہے لیکن ریاست میں بیٹھے ہوئے لوگ جب ایسی حرکت کرتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں اس سے جب انسان کا، شہری کا جو ریاست کی طرف trust level ہوتا ہے وہ کہیں نہ کہیں shake ہونا شروع ہو جاتا ہے،۔ میرے خیال سے ہم تو سکھا رہے ہیں، ہم تو سکھا رہے ہیں کہ diversity کو کیسے celebrate کرنا ہے، ہم مختلف رنگوں میں بٹے ہوئے لوگ ہیں، مختلف قوموں میں بٹے ہوئے لوگ ہیں، اس جہاں، اس دنیا کی یہی

خوبصورتی ہے، مختلف رنگ ہیں، کالا ہے، پیلا ہے یا نیلا ہے، ان کو ملایا نہیں جاتا، رنگوں کا امتیاز نہیں کیا جاسکتا، رنگوں سے ہی زندگی اچھی نظر آتی ہے۔ آپ دیکھیں کہ نہ صرف ان communities نے وہاں سے walkout کیا بلکہ وہاں پر بیٹھے diplomats بھی وہاں سے چل نکلے، یہ اچھا message نہیں ہے، یہ ہماری روایات نہیں ہیں۔ میں یہ کہنا چاہوں گا کہ یہ جو communities پاکستان میں آباد ہیں یہ پاکستان کے ماتھے کے جھومر ہیں، ہم دنیا میں پاکستان کی نمائندگی کرتے ہیں، ان کے سفیر بن کر کرتے ہیں، ہم سے بڑھ کر پاکستان میں خیر سگالی اداروں میں جانے والا کون ہو سکتا ہے؟ ہم پاکستان کا soft نہیں بلکہ true image ہیں، جو دنیا کے سامنے پیش کرتے ہیں۔ میں یہ بڑے باوثوق سے کہنا چاہتا ہوں، یہاں پر مسیحی بھی ہیں، ہندو بھی ہیں اور سکھ بھی ہیں، سب لوگ ہیں ہم لوگ کبھی ریاستی دہشتگرد نہیں ہوئے، ہم نے کبھی آئین شکنی نہیں کی، ہم نے ہمیشہ سر خم کرکے ان کی پاسداری کی ہے لیکن اگر ہمارے مذاہب کو بلا کر، invitation سرکاری ہو، ریاستی ہو اور اس میں برا بھلا کہا جائے، اس کی ہم سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور ہم اس ایوان کے توسط سے مطالبہ بھی کرتے ہیں کہ سینیٹ بھی اس پر action لے اور وزیر اعظم پاکستان اپنی کابینہ کے اس وزیر کے بیان کا نوٹس لیں جو Interfaith Harmony کو represent کر رہا ہے، Interfaith Harmony کا کام یہ نہیں ہے، ریاست کو سب نے جوڑنا ہے، ساتھ لے کر چلنا ہے، ایک گلدستہ سجانا ہے، ایک positive message نہ صرف پاکستانیوں کو بلکہ دنیا کو دینا ہے۔ میرے خیال سے یہ بڑی alarming situation ہے، اس پر ہم سب کو action لینا چاہیے اور میں اس وزیر کے رویے پر میں یہاں پر walkout کروں گا اور میں چاہوں گا میرے ساتھ میرے دوسرے دوست بھی جو communities کو represent کرتے ہیں وہ بھی میرے ساتھ walkout کریں گے۔

جناب چیئرمین: معزز سینیٹر ہدایت اللہ خان صاحب۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین! آپ نے بھی مجھے اس وقت time دیا جب ہمارے غیر مسلم ساتھی نکل رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: مجھے تو علم نہیں تھا وہ walkout کر رہے ہیں۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: ساتھ میں سینیٹر بہرہ مند خان تنگی کیوں جارہے ہیں؟ آپ بیٹھ جائیں، آپ تو چارسدہ کے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی حاجی صاحب اگر آپ ابھی بات نہیں کرتے تو میں کسی اور کو وقت دے دیتا ہوں، پھر بعد میں آپ بات کریں جب آجائیں؟

سینیٹر ہدایت اللہ خان: نہیں چھوڑیں جو لوگ جانے والے ہیں، ان کو جانے دیں۔ جناب چیئرمین! سب سے پہلے میں اپنے اکلوتے وزیر صاحب کو نئی dress پہننے پر مبارکباد دیتا ہوں اور ان کو اللہ تعالیٰ نے طاقت دی ہے۔۔۔

جناب چیئرمین: وزیر صاحب اپنے ساتھیوں کو منا کر لے آئیں۔

Point of Public Importance raised by Senator Hidayat Ullah Khan regarding the postponement of APC

سینیٹر ہدایت اللہ خان: ایک ہی رحمت تھا وہ بھی چلا گیا، شہر میں 100 total رحمتیں ہوتی ہیں، 99 شہر میں ہوتی ہیں اور ایک دیہات میں ہوتی ہے، وہ بھی رات کو شہر میں آجاتا ہے اور دیہات بھی خالی ہو جاتا ہے، اسی طرح یہ کرسی بھی خالی ہو گئی۔

جناب چیئرمین: گیلانی صاحب بیٹھے ہوئے ہیں فکر نہ کریں آپ کی ساری باتیں سن رہے ہیں۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: (عربی) یہ کہتے ہیں کہ اتنا بڑا بوجھ ان کے اوپر کیوں ڈالتے ہیں، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میں انسان کے اوپر اتنا بوجھ ڈالتا ہوں جتنا وہ اٹھا سکتا ہے، میرے خیال سے وزیر صاحب اٹھا سکتا ہے۔ دوسری بات، وزیر ریلوے صاحب ہمیشہ کہتے ہیں کہ میرے دروازے سب کے لیے کھلے ہیں، میرے خیال سے دروازے تو کھلے ہیں لیکن وہ نہیں ملتا، جب آپ وہاں پر جائیں گے تو آپ کو پتا چلے گا دروازے تو کھلے ہیں، لوگ دروازوں کے لیے تو نہیں جاتے ہیں نا؟ لوگ تو وزیر کے لیے جاتے ہیں، وزیر ملتا نہیں ہے، دروازے کھلے رکھنے کی ضرورت نہیں بند کر دیں تو بہتر ہے، وہ نہ تو فون اٹھاتا ہے اور نہ ہی فون کا واپس جواب دیتا ہے، یہ میری ذاتی شکایت بھی ہے، گلا بھی ہے اور میرا ذاتی مشاہدہ بھی ہے کہ یہ میرے ساتھ ہوا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہ۔۔۔

جناب چیئرمین: سلیم صاحب آپ کی بات note کر رہے ہیں۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: سوور ں اور کتوں کے بارے میں کافی وقت ضائع بھی ہو گیا اور ہم نے سن لیا اس پر خرچہ بھی بہت آتا ہے، میری یہ تجویز ہے کہ ان کو ایسے ممالک میں بھیجا جائے جہاں پر ان کی قدر ہو، یہاں پر ان چیزوں کی قدر نہیں ہے۔ میرے خیال سے ان سے زر مبادلہ بھی آئے گا اور ان ملکوں کو فائدہ بھی ہوگا اور جو ہم بناتے ہیں ان پر کروڑوں روپے کا نقصان بھی نہیں ہوگا۔ یہ تین تجاویزات تھیں۔ دوسری بات، میں محترم جناب شہباز شریف صاحب کا شکر گزار اور مشکور ہوں کہ انہوں نے پشاور کے حادثے کے فوراً بعد پولیس لائنز مسجد میں ہونے والے واقعہ کے بعد تمام زخمیوں کی عیادت کی، ہسپتال کا دورہ کیا اور شہداء کے لواحقین کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے پشاور واقعہ کے فوراً بعد apex committee کا اجلاس پشاور میں بلایا جو اُن کا ایک بہت بڑا اقدام تھا، نہیں معلوم کہ APC کو کیوں منسوخ کیا گیا؟ لیکن APC کا انعقاد جلد از جلد ہونا چاہیے اور سب کو، میں پی ٹی آئی کے بھائیوں سے بھی کہوں گا کہ وہ بھی اس میں اپنی شرکت کو یقینی بنائیں تاکہ ملک کے مسائل حل ہوں۔

جناب! میں آگے جاؤں گا کیونکہ جب فیلڈ مارشل جنرل ایوب خان کے مارشل لاء کے نفاذ کے بعد بہت لوگوں نے اس کے مقابلے میں اپنا، اپنا resistance کیا اور اس کے بعد جب ایوب خان نے محترمہ فاطمہ جناح کے مقابلے میں الیکشن میں حصہ لیا تو ہمارے لیڈر خان عبدالولی خان اور ہماری پارٹی نے محترمہ فاطمہ جناح کا بھرپور ساتھ دیا۔ فاطمہ جناح صاحبہ کا انتخابی نشان لالٹین تھا اور ایوب خان کا انتخابی نشان تھا پھول تو اُس وقت خان عبدالولی خان نے لالٹین کا ساتھ دیا اور بعد میں اپنی پارٹی کا انتخابی نشان بھی لالٹین الاٹ کروایا، آپ دیکھیں ہمارے لیڈر کی محبت اور بہادری، آج بھی ہماری پارٹی کا نشان لالٹین ہے۔ لوگ ہمارے اوپر کیسے کیسے الزام لگاتے ہیں کہ اے این پی نے فاطمہ جناح کے لیے کیا کیا؟

دوسری طرف، جب ضیاء الحق کا دور آیا، انہوں نے مارشل لاء کا نفاذ ملک میں نافذ العمل کیا تو اُس وقت سب سے پہلے ہم نے اُس کی بھرپور مخالفت کی، ہمیشہ حکمران کے سامنے بات کرنی چاہیے اور اُس کی زندگی میں اُس پر تنقید کرنی چاہیے نہ کہ اُس کے جانے کے بعد، ہم نے اُن کے دور حکومت میں شدید مخالفت کی۔ ہم نے ضیاء الحق کا کوئی غیر آئینی اقدام تسلیم نہیں کیا اور اس کے بعد جب جنرل مشرف کا دور آیا، میں اس لیے بھی بات کرنا چاہتا ہوں کہ کل مجھے بات کا موقع نہیں دیا

گیا۔ میں نہیں کہتا کہ مشرف نے کوئی اچھا کام کیا، انہوں نے بہت کام کیے ہوں گے۔ انہوں نے آئین توڑا، محترمہ شہید رانی کے قتل کا الزام اُن پر لگا، اکبر بگٹی کے قتل کا الزام اُن پر ہے، انہوں نے دو مرتبہ آئین شکنی کی، پارلیمنٹ کو توڑا، انہوں نے عدلیہ کے خلاف اقدامات لیے، انہوں نے LFO کا نفاذ کیا اور ججوں سے غیر آئینی حلف لیا تو یہ تمام تر اقدامات غیر آئینی، غیر قانونی، غیر جمہوری سب کے سب انہوں نے اپنے دور میں کیے۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں جب مشرف زندہ تھا تو کس نے اُس کا ساتھ دیا، جب وہ طاقت میں تھا، ہمیں وہ دن بھی یاد ہے کراچی میں پختونوں کا خون بہایا گیا۔ انہوں نے ایک دم کہا کہ میں بہت مضبوط ہوں اور مکا لہرایا بجائے اس کے کہ وہ اس اقدام پر اظہار ندامت کرتے انہوں نے ہوا میں مکے لہرائے کیونکہ وہ شخص اپنے آپ کو ایک طاقتور شخص سمجھتا تھا اور کسی کو خاطر میں نہیں لاتا تھا۔

باوجود اس کے، آج جنرل مشرف اس دُنیا سے جا چکے ہیں، ہم نے کیا کیا، جب جنرل مشرف زندہ تھا تو ہماری حکومتوں نے red carpet lay کر کے انہیں ملک سے باہر بھجوایا بغیر کسی حساب کتاب کے، بغیر مواخذے کے، کس نے انہیں ملک سے باہر بھیجا؟۔ دوسری بات، ہم مردوں پر بات کر رہے، میرا علماء اکرام سے گلہ ہے کہ تم فرعون کی بات کرتے ہو، نمرود کی بات کرتے ہو، ابوجہل کی بات کرتے ہو کیونکہ وہ مردے ہیں، زندہ نہیں ہیں۔ آج جو زندہ لوگ یہاں پر بیٹھے ہیں اور ان کا وہی کردار ہے جو کہ فرعون اور نمرود کا کردار تھا، اس کے خلاف آپ کیوں اٹھ کھڑے نہیں ہوتے۔ ہماری پارٹی اے این پی نے ہمیشہ حق اور سچ کا ساتھ دیا ہے اور ہم آج بھی حق اور سچ کا ساتھ دیں گے۔

جناب چیئرمین: حاجی صاحب آپ کا بہت شکریہ۔ آپ کی بہت مہربانی۔ باقی لوگوں نے بھی اپنی بات کرنی ہے۔ آپ کی تقریر کا دورانیہ ۶ منٹ کا ہو چکا ہے۔ ایسے نہ کریں۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: میں ایک بات کر کے مکمل کر رہا ہوں۔ جب جنرل قمر باجوہ صاحب چیف آف آرمی سٹاف تھے تو اُس وقت آپ کو یاد ہو گا پارلیمنٹ کا ایک in-camera session ہوا تھا جس میں ہماری پارٹی اور محترم بلاول بھٹو صاحب نے اُن کے سامنے بات کی تھی جو میں یہاں بیان نہیں کرنا چاہتا، کسی دیگر پارٹی اور ممبر نے کوئی بات نہیں کی، کیوں نہیں کی۔ میں کہنا چاہوں گا کہ زندہ لوگوں کے سامنے بولنا چاہیے اور جب کوئی انا للہ و انا الیہ راجعون ہو جائے تو پھر کیا فائدہ۔ آج

جنرل قمر باجوہ اور جنرل فیض کے خلاف ہر کوئی بات کرتا ہے، اُن کے دور میں بات کیوں نہیں کی گئی؟ جب انسان مر جاتا ہے، آج جنرل مشرف فوت ہو چکا ہے اور دُنیا سے اُس کا ناتا ختم ہو گیا، اُس کا معاملہ اب اللہ کے ساتھ ہے، جب کوئی مر جائے اور قبر میں چلا جائے تو اُس کا اور اللہ کا معاملہ شروع ہو جاتا ہے اور اُس کا حساب کتاب وہاں ہو گا۔ ہمارے نبی ﷺ کا ارشاد ہے کہ جب کوئی فوت ہو جائے تو پھر اُس کے پیچھے باتیں مت کرو۔ جب دُنیا سے انسان چلا جاتا ہے تو اُس کا معاملہ اللہ کے ساتھ ہو گا۔ شاعر نے کیا خوب کہا ہے؛

نشہ پلا کر گرانا تو سب کو آتا ہے
مزا تو تب ہے کہ گرتوں کو تھام لے ساقی

جناب چیئرمین: حاجی صاحب، آپ تشریف رکھیں۔ آپ کی بہت مہربانی۔ سینیٹر بہرہ مند خان تنگی صاحب۔ فدا صاحب میں آپ کو موقع دوں گا۔ میری عرض سنیں، ہر ایک اپنے نمبر پر بات کرے، میں ایوان میں موجود ہوں ۔ تمام ممبران کو بات کرنے کا موقع دوں گا۔ آپ تشریف رکھیں۔ میں ایوان میں موجود ہوں۔ جو ممبران روزانہ کی بنیاد پر بات کرتے ہیں انہیں موقع نہیں دوں گا۔ جی تنگی صاحب۔

Point raised by Senator Bahramand Khan Tangi regarding the recent earthquake in Turkiye and Syria

سینیٹر بہرہ مند خان تنگی: جناب چیئرمین! شکریہ۔ ترکی اور شام میں جو earthquake آیا ہے اور وہاں پر تقریباً 3000 سے زیادہ buildings گر چکی ہیں اور کافی تعداد میں causalities ہوئیں ہیں اور مزید لاشیں ملتی جا رہی ہیں۔ جب جاپان میں سونامی آیا تو مختلف ممالک نے جاپان کو مدد کی یقین دہانی کروائی اور کہا کہ ہم آپ کو سپورٹ کرتے ہیں تو انہوں نے کیا کہا؟ انہوں نے کہا کہ آپ ہماری مدد Human Resource کی مد میں کریں in kinds میں ہمیں کچھ نہیں چاہیے۔ جب disasters آتے ہیں اور emergency phases میں تو اُس وقت بہت زیادہ ضرورت human resources کی ہوتی ہے۔ میری ایک گزارش ہو گی کی، ترکیہ نے ہمیشہ پاکستان کی disasters میں بہت مدد کی ہے اور ترکیہ ہمارا ایک بہت قریبی

اسلامی دوست ملک ہے۔ میں آپ سے request کرتا ہوں کہ اگر ممکن ہو، possibility ہو آپ کی leadership میں parliamentarian جن میں کچھ سینیٹرز ترکیہ جائیں اور وہاں پر as volunteers امدادی کاموں میں حصہ لیں۔ اگر آپ نہیں جا سکتے تو سینیٹ آف پاکستان سے کچھ سینیٹرز کا وفد جائے، اُن میں کچھ ایسے ممبران شامل ہوں جو کہ social worker ہوں۔ میں تو سیاست دان اور social worker ہوں اور پچھلے 25 سالوں سے عوام کے لیے social work کر رہا ہوں۔ میں بہتر انداز سے جانتا ہوں کہ جب disasters آتے ہیں تو emergency phase میں کس طرح کام کرنا چاہیے، rehabilitation phase میں کیا کام کرنا چاہیے اور پھر developmental phase میں کیا کیا کام کرنا چاہیے۔ میں کہنا چاہوں گا کہ میرے دیگر دوست اور colleagues اس ایوان میں ایسے ضرور ہوں گے جو دیگر شعبوں میں بہتر کام کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ علاوہ ازیں، سینیٹرز کے علاوہ کچھ volunteers بھی اس وفد میں شامل ہوں اور ہم ترکیہ کے عوام کے لیے اس مشکل گھڑی میں کچھ کر سکیں اور اس طرح ہم human resource کی صورت میں اپنے بھائیوں کی مدد کر سکیں۔

جناب چیئرمین: سینیٹر بہرہ مند خان تنگی صاحب کی ایک بہت اچھی suggestion ہے۔ میں اس کو دیکھتا ہوں۔ میں آپ کو بھجوانے کے لیے NDMA کے ساتھ بات کرتا ہوں already Prime Minister خود بھی ترکیہ جا رہے ہیں اور دیگر لوگوں کو ترکیہ بھجوا بھی رہے ہیں۔ سینیٹر فیصل سلیم رحمٰن صاحب پلیز۔ تمام ممبران اپنی نشستوں پر تشریف رکھیں۔ اس وقت public importance پر کوئی بات نہیں ہو رہی۔ آپ نے کل بھی تین مرتبہ بات کی تھی، دوسروں کو بھی بات کرنے کا موقع دیں کافی لوگوں نے ابھی بات کرنی ہے۔ جی بتائیں سلیم صاحب۔

Senator Faisal Saleem Rehman

سینیٹر فیصل سلیم رحمٰن: جناب، ہمارے مستقل مندوب، منیر اکرم صاحب جو کہ United Nations میں اپنے فرائض منصبی سرانجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے اپنی tweet پر apology کر لی ہے لیکن جو انہوں نے ہماری پختون بھائیوں کے لیے بات کی، ہماری عورتوں کے بارے میں کہا کہ پختون لوگ اپنی عورتوں کو گھروں میں رکھتے ہیں، education نہیں دیتے۔ منیر اکرم United Nations میں پاکستان کی نمائندگی کر

رہے ہیں، منیر صاحب کوئی اپنی capacity میں UN میں کام نہیں کر رہے، اگر انہوں نے اپنی capacity میں کچھ کہنا ہے تو he should say it on different forums. پاکستان کا کوئی representative اگر UN میں بیٹھ کر ایسی بات کرتا ہے تو یہ ایک بہت غیر مناسب بات ہے۔ ہم اس کو condemn کرتے ہیں۔ ہمارا مطالبہ ہے کہ انہیں پاکستان بلایا جائے اور اُن کی proper investigations کیں جائیں۔ He cannot stay there, کہ وہاں جا کر کوئی بھی اپنے طریقے سے ہماری پوری قوم کے بارے میں کوئی بیان جاری کر دے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر محمد ہمایوں مہمند صاحب۔ سینیٹر دوست محمد خان، اچھا ٹھیک ہے دوست محمد خان بھی ایوان میں نہیں ہیں۔ دونوں صاحبان ایوان میں موجود نہیں ہیں۔ اچھا ٹھیک ہے۔ سینیٹر رانا مقبول صاحب۔ نہیں ہیں، ٹھیک ہے جی۔

Mr. Chairman: The House stands adjourned to meet again on Friday, the 10th February, 2023 at 10:30 a.m.

[The House was then adjourned to meet again on Friday, the 10th February, 2023 at 10:30 a.m*]*

Index

Khawaja Saad Rafique 7, 33, 34
Mr. Muhammad Talha Mahmood 35
Ms. Marriyum Aurangzeb 15, 33
Rana Sana Ullah Khan 3, 20, 27, 37
Senator Bahramand Khan Tangi 45, 50
Senator Fawzia Arshad 20, 26
Senator Haji Hidayatullah Khan 38, 39
Senator Kamran Michael 48
Senator Kamran Murtaza 32, 33
Senator Mohsin Aziz 40
Senator Muhammad Asad Ali Khan Junejo 48, 49
Senator Mushtaq Ahmed 3, 7, 15
Senator Prince Ahmed Umer Ahmedzai 34
Senator Rana Maqbool Ahmad 45, 46, 47
Senator Seemee Ezdi 35, 37
سینیٹر بہرہ مند خان تنگی 2, 3, 6, 63, 66
سینیٹر تاج حیدر 12
سینیٹر ثانیہ نشتر 6
سینیٹر دنیش کمار 12, 50, 53
سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم 44
سینیٹر زرقا سہروردی تیمور 14
سینیٹر سید یوسف رضا گیلانی 31
سینیٹر سیف اللہ ابڑو 23
سینیٹر سیف اللہ سرور خان نیازی 26
سینیٹر شہادت اعوان 5, 6,10, 12, 13, 14, 18, 19, 22,24, 25, 26, 28, 30, 31, 43, 44, 54,55,58, 59
سینیٹر فدا محمد 19, 24, 25
سینیٹر فوزیہ ارشد 21, 27, 28
سینیٹر فیصل جاوید 18
سینیٹر فیصل سلیم رحمٰن 19, 67
سینیٹر کامران مائیکل 61
سینیٹر محسن عزیز 29, 41, 42, 43
سینیٹر مشتاق احمد 3, 4, 5, 7, 10, 17
سینیٹر ہدایت اللہ خان 62, 63, 64, 65
سینیٹر مہر تاج روغانی 55, 56